میزان الکمال

محمد سعید عمران

(جلد اوّل)

رقم: 1 تا 133

احمد بن ابراہیم بن خالد تا احمد (غیر منسوب)

میزان الکمال

محمد سعید عمران

(جلد اوّل)

رقم: 1 تا 133

احمد بن ابراہیم بن خالد تا احمد (غیر منسوب)

میزان الکمال

تحقیق: محمد سعید عمران

طبع--------------------------انٹرنیٹ
طبع اوّل----------------------اکتوبر2018
ملنے کا پتہ:------archive.org/saeedimranx2
برائے رابطہ------saeedimranx2@gmail.com
موبائل نمبر----------------0336-1519659

اس تحقیق کے پس منظر میں میرے وہ تمام دوست احباب جنہوں نے میری حوصلہ افزائی، مدد اور رہنمائی کی کا شکر گزار ہوں بطور خاص عظمت حسین گیلانی صاحب، حافظ اسد الرحمان صاحب، سعد رشید صاحب اور ابو محمد خرم شہزاد صاحب، میں ان حضرات کا شکر گزار ہوں اور ان کے لیے دعا گو ہوں

ضروری گزارش

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا، بھول کر ہونے والے غلطیوں کی تصیح و اصلاح کے لیے رابطہ ضرور کریں اور نشاندہی کریں تا کہ غلطیوں، کو تاہیوں اور خامیوں کی تصیح کی جا سکے۔ شکریہ

پیش لفظ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اللہ رب العزت نے حضرت آدم کی بعثت سے اس دنیا کا آغاز کیا اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس دنیا میں رسولوں اور انبیاء کو مبعوث کیا تاکہ وہ زندگی گزارنے کے قوانین کو لوگوں پر پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی ﷺ اور پسندیدہ دین کو جس قوم میں نازل فرمایا وہ قوم عرب تھی۔ قرآن مجید عربوں کی زبان میں ہی نازل کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ نبی ﷺ کی زندگی ایک کامل نمونے کے طور پر آپ کے صحابہ کے درمیان موجود تھی۔ نبی ﷺ کی زندگی میں صحابہ آپ کردار و شمائل کے گواہ تھے، آپ ﷺ کے کردار اور اعمال کو دیکھ کر وہی طرز اپناتے تھے اور جہاں ضرورت ہوتی تھی آپ ﷺ سے سوال پوچھ کر اپنی زندگی کی رہنمائی حاصل کرتے۔ نبی ﷺ کی وفات کے بعد نہ صرف وحی کا سلسلہ رک گیا بلکہ آپ ﷺ کی طرف سے کوئی ذاتی مثال بھی باقی نہ رہی، سوائے اس کے کہ آپ ﷺ کے ساتھ وقت گزارنے والے صحابہ کرام کو آپ ﷺ کے اعمال، شمائل اور آپ ﷺ سے کیے جانے والے سوالات اور جوابات یاد تھے، جو کہ وقت کے ساتھ ساتھ ان لوگوں سے بیان کیے جاتے تھے جنہوں نے نبی ﷺ سے ملاقات نہیں کی تھی، یا آپ ﷺ کا زمانہ نہیں پایا تھا۔ یہ ایک قدرتی بات ہے کہ پیغمبر کا وجود دنیا میں برکت کی حیثیت رکھتا ہے، پیغمبر کے جانے کے بعد ویسی برکت نہیں رہتی اور نہ وحی کی رہنمائی ہوتی ہے، اس لیے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ایسے مسائل سے پالا پڑا جن کے حل کے لیے نبی ﷺ کی زندگی کی رہنمائی ضروری تھی، البتہ سوال یہ تھا کہ جو حضرات آپ ﷺ کی زندگی کا حوالہ دے کر کوئی بات بیان کر رہے ہیں کیا وہ واقعی درست ہے یا بیان کرنے والے کی ذہنی اختراع ہے جس کے پیچھے اس کے اپنے ذاتی اغراض و مقاصد ہیں۔ نبی ﷺ کے صحابہ تک تو ان تمام باتوں کا خیال رکھا گیا، حتیٰ کہ صحابہ نے خود دوسرے صحابہ سے اس بات کی

تصدیق کی کہ آیا جو بات آپ نے نبی ﷺ کے حوالے سے بیان کی ہے، کیا وہ درست ہے ؟ اور پھر دوسرے صحابہ سے اس کی تصدیق بھی کی جاتی رہی۔

صحابہ کے بعد کا طبقہ جنہیں تابعین کہا جاتا ہے نے نبی ﷺ کا زمانہ خود نہیں پایا تھا، ان کے پاس صرف صحابہ کا ذریعہ ہی موجود تھا کہ جس کے ذریعے وہ نبی ﷺ کی زندگی اور آپ ﷺ کے بیان کردہ الفاظ یا عمل کردہ اعمال تک پہنچ سکیں، البتہ ان میں ایسے عوامل بھی آگئے تھے جو کہ اپنی کسی بھی ذاتی مفاد کے لیے ان واقعات میں ردوبدل کر کے یا پھر بالکل ہی من گھڑت واقعات بھی بیان کرنے لگے، اس کے مقاصد سیاسی، سماجی، ذاتی ہوں یا جو بھی ہوں، بہر حال یہ کام شروع ہو چکا تھا، تابعین میں سے چند افراد نے اس گھناؤنے کام کو روکنے کے لیے صرف معتبر حضرات کی بیان کردہ روایات کو اپنا ماخذ بنانے کے کوشش کی۔ تابعین کے بعد بھی جید علماء نے اسی طریقہ کو اپنایا۔

معتبر کا فیصلہ کیسے ہو گا؟ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی طے ہوتا رہا اور دو صدیاں گزرنے کے بعد علم حدیث کے تمام اصول طے ہو چکے تھے۔ چوتھی صدی میں ان کو مرتب بھی کیا گیا۔ کئی علماء نے ان حضرات پر کتب لکھیں جو دو صدیاں قبل احادیث بیان کرتے تھے، اور پھر ان کے بارے میں ان کے زمانے اور بعد کے محدثین کی رائے بھی ذکر کی تا کہ یہ طے کیا جاسکے کے فلاں شخص کی بیان کردہ روایت اعتبار کے قابل ہے یا نہیں۔

اسلامی دنیا میں جو مقام حدیث کی کتب میں صحاح ستہ کو حاصل ہے، وہ کسی اور کتاب کو نہیں، زیر نظر کام بھی صحاح ستہ کے راویں پر مشتمل شہرہ آفاق کتاب "تہذیب الکمال فی اسماء الرجال" کو اردو زبان میں ایک نئے انداز میں پیش کرنا ہے۔ یہ کتاب ڈاکٹر بشار عواد معروف کی تحقیق سے 35 جلدوں میں مطبوعہ ہے۔ البتہ علم حدیث اور رجال میں دلچسپی رکھنے والے وہ حضرات جو عربی زبان پر دسترس نہیں رکھتے ان کے لیے بڑی مشکل ہے کہ وہ اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔

یہ کتاب تہذیب الکمال کا ہی سلسلہ ہے، البتہ کوشش کی گئی ہے کہ مزید فائدہ کے لیے اس میں اضافہ جات کیے جائیں جیسا کہ تمام مقدمین کے اقوال، تمام مصادر کا ذکر وغیرہ۔

امید ہے کہ علوم حدیث ورجال میں دلچسپی رکھنے والے وہ حضرات جو عربی زبان پر عبور نہیں رکھتے، ان کے لیے یہ کتاب فائدہ مند ثابت ہو گی۔

اس کتاب کی ابتداء میں طویل مقدمہ لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں، اصول حدیث اور جرح وتعدیل کے حوالے سے اردو زبان میں بھی اتنی کتب موجود ہیں کہ ان سے استفادہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔اس لیے اس کتاب کے شروع میں اصول حدیث اور جرح وتعدیل کا کوئی باقاعدہ مقدمہ پیش کرنے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی، اس مقصد کے لیے معتبر علماء کی ترجمہ شدہ کتب سے استفادہ کیا جاسکتاہے۔البتہ ابتداء میں اس کتاب کے دو بنیادی مواخذ، "الکمال فی اسماء الرجال" اور "تہذیب الکمال فی اسماء الرجال" کا مختصر تعارف پیش کیا گیاہے۔

کتاب کا نام "میزان الکمال" رکھنے کی دووجوہات ہیں، اوّل یہ کہ اس کتاب کو مبادہ "تہذیب الکمال" کا ہو بہو ترجمہ ہی نہ سمجھ لیا جائے جو کہ ایک غلط فہمی ہو گی، دوم یہ کہ اس میں کوشش کی گئی ہے کہ جرح وتعدیل کے حوالے سے راویوں کے حالات میں کم وبیش تمام اقوال پیش کیے جاسکیں تاکہ اس کا اعتبار طے ہو سکے۔یہ اس کتاب کی پہلی جلد ہے، اور مزید پر کام جاری ہے۔آپ سے دعا کی درخواست ہے۔

والسلام۔

دعاکاطالب

محمد سعید عمران

الکمال فی الاسماء الرجال

اس کتاب کے مولف حافظ عبدالغنی بن عبدالواحد بن سرور مقدسی (م600ھ) ہیں۔ اس میں مولف نے کتب ستہ کے جملہ راویوں کے حالات کو قلم بند کرنے کا بیڑا اٹھایا جو کہ نہایت مشکل اور محنت طلب علم تھا۔ مذکورہ کتابوں سے راویوں کو تلاش کرنا اور ان میں تمیز کرنا پھر ترتیب دے کر حالات تحریر کرنا، شیوخ و اساتذہ کا ذکر کرنا، علماء کے اقوال جمع کرنا اور کون کس کتاب کے راوی ہیں وغیرہ کا بیان کرنا نہایت ہی مشکل اور جگر سوزی کا کام تھا۔

مولف نے اس کتاب میں سب سے پہلے سیرت نبوی ﷺ کا تذکرہ کیا ہے اور اس کے بعد ان صحابہ کرام کے حالات کو جمع کیا ہے، جن کی روایتیں کتب ستہ میں پائی جاتی ہیں، پھر جملہ راویوں کو حروف تہجی پر مرتب کر کے ان کے حالات کو قلم بند کیا ہے، البتہ حرف "الف" میں "احمد" سے موسوم اور "میم" میں "محمد" سے موسوم ناموں کو ان حروف کی ابتداء میں پیش کیا ہے۔ کنیت اور خواتین کا تذکرہ آخری کتاب میں کیا ہے۔ یاقوت حموی فرماتے ہیں کہ یہ بڑی اچھی کتاب ہے۔ (معجم البلدان 2/160)

امام مزی اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس میں جس قدر محنت کرنی چاہیے وہ نہ کر سکے اور نہ ہی جملہ راویوں کو ذکر کر سکے۔ تراجم کی معلومات میں بھی کمی رہ گئی اور تقریباً سترہ سو راویوں کا نام ان سے چھوٹ گیا۔ آپ کی اولاد میں سے کسی نے اس کو مکمل کرنے کی کوشش کی جس میں بے شمار غلطیاں کر بیٹھے۔ (تہذیب الکمال 1/38تا148)

تہذیب الکمال فی اسماء الرجال

کتب ستہ کے راویوں کے حالات ذکر کرنے میں "الکمال" کے بعد "تہذیب الکمال " دوسرے نمبر کی تصنیف ہے، جسے کتب ستہ کے علاوہ ان کے مولفین کی دیگر تالیفات میں موجود راویوں کے حالات بیان کرنے میں شرف اولیت بھی حاصل ہے۔

یہ امام مزی کا وہ مایہ ناز علمی شاہکار ہے جس کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے، کتب ستہ کے راویوں کے تعارف میں اس کو امام اور اصل کا درجہ حاصل ہے۔ امہات کتب حدیث، جن پر اسلامی علوم کا دارومدار ہے ، ان کے راویوں کے مبنی بر حقیقت حالات کو جس فنی مہارت، ترتیب بدیع اور خوش اسلوبی سے جمع کیا گیا ہے، اس کی نظیر نہیں ملتی۔

جب امام مزی نے امام مقدسی کی کتاب "الکمال فی اسماء الرجال" کا مطالعہ کیا تو اس میں بڑی کمی اور نقص محسوس کیا، نیز کچھ خامیاں اور غلطیاں بھی نظر آئیں، چنانچہ انہوں نے اس کتاب کی تکمیل، تہذیب اور تصیح کا بیڑا اٹھایا۔ انہوں نے اس کو ایک باقاعدہ کتاب کی شکل دی جس کی وجہ سے بہت سے علماء اس کو "الکمال" کا اختصار نہیں بلکہ ایک مستقل تصنیف مانتے ہیں۔ مزی نے انتہائی عرق ریزی کر کے کتب ستہ اور اصحاب کتبہ ستہ کی دیگر مولفات کے راویوں کے حالات اکٹھے کیے اور ایک طویل مدت کے بعد اس کو مکمل کیا گیا، کتاب کی تکمیل کے بعد نظر ثانی، مسودہ کی تبیض کرنے اور آخری شکل دینے میں تقریباً آٹھ سال کا وقفہ لگ گیا اور اس کتاب کا نام "تہذیب الکمال فی اسماء الرجال" رکھا۔

اس کتاب میں امام مزی نے جو اضافی کام کیا ہے ہے وہ مندرجہ ذیل ہے:

1۔ کتب ستہ کے رجال میں سے جن کا نام امام مقدسی شامل نہ کر سکے تھے، اس کو شامل کیا گیا اور جو نام کتب ستہ کے راویوں کے نہ تھے بلکہ غلطی سے ان میں شامل ہو گئے تھے ان کو اس میں سے حذف کر دیا گیا۔

2۔ مقدسی نے صرف کتب ستہ میں موجود راویوں کے حالات کو قلم بند کیا تھا، مزی نے اصحاب کتب ستہ کے دیگر مولفات کے راویوں کا بھی تذکرہ کیا ہے۔

3۔ بعض ایسے راویوں کا اضافہ کیا گیا جو کتب ستہ یا ان کے مولفین کی دیگر کتب میں موجود نہ تھے، لیکن ان راویوں کے ہم نام تھے تاکہ ان میں تمیز کی جا سکے۔

4۔ اکثر و بیشتر تراجم میں معلومات کا اضافہ کر دیا گیا، جس میں صاحب ترجمہ کے اساتذہ، تلامذہ ان کے بارے میں علمائے جرح و تعدیل کے اقوال، تاریخ پیدائش اور وفات وغیرہ کا اضافہ تھا۔

5۔ بعض راویوں کے ترجمہ میں ان کے واسطے سے وارد شدہ احادیث میں سے بطور مثال ایک دو روایتوں کو عالی سند سے ذکر کیا ہے۔

6۔ کتاب کے آخر میں چار فصلوں کا اضافہ کیا گیا، جو انتہائی مفید و نفع بخش ہیں، جن سے راویوں کی تلاش میں بڑی آسانی ہوتی ہے، پہلی فصل میں جو راوی اپنے باپ، دادا، ماں، چچا وغیرہ کی جانب منسوب ہیں ان کو حروف معجم کے اعتبار سے مرتب کیا ہے۔ دوسری فصل میں وہ راوی جو قبیلہ، شہر، گاؤں یا صنعت و حرفت کی جانب سے مشہور ہیں، مرتب کیا گیا ہے۔ تیسری فصل میں القاب بیان کئے گئے ہیں جب کہ چوتھی فصل میں مبہم راوی مرتب کئے گئے ہیں۔

ترتیب و تنظیم

بنیادی طور سے یہ کتاب "الکمال" ترتیب پر مرتب ہے البتہ اس کتاب میں صحابہ و صحابیات کو دیگر راویوں کے ساتھ ہی ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ وہ حروف معجم کی ترتیب سے مناسبت رکھتے ہیں۔ پوری کتاب ابتداء سے لے کر انتہا تک حروف تہجی پر بڑی دقت کے ساتھ مرتب کی گئ ہے جس میں راوی کے نام اس کے آباو اجداد نیز نسبت وغیرہ یں بھی اس ترتیب کو ملحوظ خاطر

رکھا گیا ہے، البتہ "الف" میں احمد نام کے راوی مقدم ہیں اور "میم" میں محمد نام کے راوی مقدم ہیں۔

خطبہ اور تمہیدی کلمات کے بعد "الکمال" کا تعارف اور اس پر تبصرہ کیا گیا ہے، پھر "تہذیب الکمال" کا ذکر ہے جس میں اس کی وجہ تالیف، ترتیب، اضافی عمل اور رموز وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے، پھر علم جرح وتعدیل کے بارے میں علماء کے خیالات، ان کے اقوال کا ذکر، اس کے بعد کتب ستہ کے بارے میں علماء کے اقوال کو بیان کیا ہے، پھر اصل کتاب سیرت نبوی سے شروع کی گئی ہے، سیرت کے بعد تراجم رجال کا سلسلہ ناموں کی ترتیب پر شروع ہوتا ہے، یہ سلسلہ خاتمہ سے کچھ پہلے تک ہے، پھر کنیت کا ذکر ہے، اس کے بعد چار اضافی فصلوں کا ذکر ہے، مردوں کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد خواتین کا تذکرہ ہے۔

ہر راوی کے ترجمہ میں اس کے مکمل نام و نسب کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد جملہ اساتذہ و شاگردوں کا ذکر ہے جن کو حروف معجم پر مرتب کر دیا ہے، ان میں سے بہت سے راویوں کے نام کے ساتھ اشاریہ دیا ہے جس سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ صاحب ترجمہ سے کتب ستہ کے راویوں میں سے کس کس کی روایت ان سے پائی جاتی ہے۔ اساتذہ اور شاگردوں کے ذکر کے بعد جرح وتعدیل کے اقوال کا ذکر کیا گیا ہے، پھر راوی کی تاریخ وفات کی نشان دہی کی گئی ہے، بہت سارے راویوں کے تراجم کے آخر میں اپنی عالی سند کے ذریعہ ایک آدھ حدیث نقل کی ہے۔

اس کتاب کے مولف نے بے شمار مصادر و مراجع سے استفادہ کیا ہے، عمومی طور پر اس فن میں تصنیف شدہ سابقہ کتابیں ہی مصدر رہیں لیکن خصوصی طور پر ابن ابي حاتم کی الجرح و التعدیل، ابن عدی کی الکامل فی الضعفاء الرجال، خطیب بغداد کی تاریخ بغداد اور ابن عساکر کی تاریخ دمشق اس کے بنیادی مصادر ہیں۔

علمائے امت نے اس کتاب کے بارے میں اپنے خیالات کا جو اظہار کیا ہے ان سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

علامہ صفدی فرماتے ہیں کہ اس کتاب نے سابقہ کتابوں پر گہن لگا دیا ہے، اس کے حصول کے لیے لوگوں نے دور دراز کا سفر کیا۔

امام سبکی فرماتے ہیں کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس طرح کی کوئی دوسری کتاب تصنیف نہیں کی گئی۔

مغلطائی کہتے ہیں کہ یہ کتاب عظیم فائدہ، کثرت منفعت سے بھرپور ہے، اس فن میں جو اختراعی ترتیب دی ہے اور جو طریقہ اختیار کیا ہے، سابقین میں اس کی نظیر نہیں، یہ کتاب فقہاء و محدثین کے درمیان فصل کی حیثیت رکھتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب اپنی قدرو منزلت و افادیت کی وجہ سے مولف کے زمانہ میں ہی ہر جانب مشہور ہو چکی تھی اور بعد میں آنے والے محدثین و علماء کی توجہ کا مرکز بنی رہی، جن لوگوں نے اس کی تہذیب کی ہے ان میں امام ذہبی (تذہیب التہذیب) اور حافظ ابن حجر (تہذیب التہذیب) ہیں۔ حافظ ابن حجر نے اس کتاب کی تقریب بھی کی ہے جو کہ تقریب التہذیب کے نام سے مشہور ہے جبکہ حافظ ذہبی نے اس کا اختصار کر کے اس میں صرف کتبہ ستہ کے راویوں کا تذکرہ کیا ہے جو کہ الکاشف کے نام سے مشہور ہے۔ جن حضرات نے دوسری کتابوں کے راویوں کا اضافہ کر کے اس کی تکمیل کی ہے ان میں مغلطائی اور ابن ملقن کی اکمال تہذیب الکمال قابل ذکر ہیں جبکہ علامہ حسینی، ابن کثیر، امام عراقی اور علامہ سیوطی نے بھی اس پر اکمالات تحریر کی ہیں۔

یہ کتاب ڈاکٹر بشار عواد معروف کی گراں قدر تحقیق سے 35 جلدوں پر مطبوع ہے۔ جس پر محقق کا ایک نفیس علمی مقدمہ بھی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ محقق نے اس میں بہت سے ایسے راویوں کا اضافہ بھی کیا ہے جس اس کتاب میں موجود راویوں کے ہم نام تھے۔ ڈاکٹر بشار

کا اس کتاب کے حوالے سے سب سے اہم کارنامہ اس کے حاشیہ میں موجود مصادر ہیں۔ کتاب کے حاشیہ میں ہر راوی کے نام کے ساتھ ساتھ موجود ان مصادر کا ذکر کیا گیا ہے جن میں اس راوی کا نام اور ترجمہ پایا جاتا ہے اور محقق نے کوشش کی ہے کہ تمام بنیادی کتابوں کا ذکر کیا جائے، جس میں راوی کے حالات موجود ہیں۔

رموز

کتاب میں اس امر کی وضاحت کے لئے کہ کس راوی کی روایت کو محدثین میں سے کس نے نقل کیا ہے بعض اشارات درج کئے گئے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

خ۔ صحیح بخاری۔

م۔ صحیح مسلم۔

س۔نسائی۔

د۔ سنن ابوداود۔

ت۔ سنن ترمذی۔

ق۔ سنن ابن ماجہ۔

4۔چاروں سنن۔

ع۔جمیع اصحاب ستہ۔

خت۔تعلیقًا بخاری۔

بخ۔ادب المفرد۔

عخ۔ خلق افعال العباد۔

ز۔ جزء القراۃ خلف الامام

ی۔ جزء رفع الیدین

مق۔مقدمہ مسلم۔

مد۔مراسئل ابی داود۔

قد۔کتاب القدر۔

خد۔ناسخ ومنسوخ۔

صد۔فضائل الانسار

کد۔مسند مالک بن انس

ف۔کتاب التفرد۔

ل۔ مسند مالک بن انس

تم۔ شمائل ترمذی۔

سی۔ عمل الیوم واللیلہ۔

عس۔ مسند علی بن ابی طالب

کن۔ مسند مالک بن انس

ص۔ خصائص علی بن ابی طالب

ق: کتاب التفسیر ابن ماجہ

☆☆☆احمد نام کے راوی☆☆☆

1. احمد بن ابراہیم بن خالد الموصلی[1] (د،ق)

روی عن :ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبد الرحمن، ابراہیم بن سلیمان ابو اسماعیل المؤدب، اسماعیل ابن علیہ، جعفر ابن سلیمان الضبعی، حبیب بن حبیب الکوفی، حکم بن سنان الباہلی، حکم بن ظہیر الفزاری، حماد بن زید، خلف بن خلیفہ، سعید بن عبد الرحمن الجمحی، سلام بن سلیم الحنفی، سلام ابن سلیمان القاری، سیف بن ہارون البرجمی، شریک بن عبد اللہ النخعی، صالح بن عمر الواسطی، صبی بن الاشعث ابن السلولی، عبثر بن القاسم الزبیدی، عبد اللہ بن جعفر بن نجیح، عبد اللہ بن المبارک، عمر بن عبید الطنافسی، فرج بن فضالہ، محمد بن ثابت العبدی، معاویہ بن عبد الکریم الثقفی، ناصح بن العلاء، نوح بن قیس الحدانی، وضاح بن عبد اللہ، یزید بن زریع، یوسف بن عطیہ الصفار۔

روی عنہ :ابو داود(حدیث واحد)، ابراہیم بن عبد اللہ بن الجنید الختلی، احمد بن الحسن بن عبد الجبار، احمد بن علی بن المثنیٰ(ابو یعلیٰ الموصلی) ، احمد بن محمد بن خالد البراثی، احمد بن محمد بن عبد العزیز، احمد بن محمد بن المستلم، جعفر بن محمد بن قتیبہ، حسن بن علی بن شبیب المعمری، حماد بن المؤمل الضریر، عبد اللہ بن احمد بن محمد بن حنبل، عبد اللہ بن محمد ابن عبد العزیز البغوی، عبد اللہ ابن ابی الدنیا، عبید اللہ بن عبد الکریم (ابو زرعہ الرازی)، عمر بن شبہ ابن عبیدہ الرازی، فضل ابن ہارون البغدادی، محمد بن عبد اللہ بن سلیمان المطین، محمد بن عبدوس السراج، محمد بن غالب بن حرب الضبی، محمد بن واصل المقرئ، موسی بن اسحاق بن موسی الانصاری، موسی ابن ہارون بن عبد اللہ الحمال، اور ان سے احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین نے کتابتِ حدیث کی۔

1۔ سؤالات ابن الجنید ص 301ح114، سؤالات ابن المحرز 1/91ح339، الجرح والتعدیل 2/1ح1، الثقات 8/30، ثقات ابن شاہین ص 42ح99، تاریخ بغداد5/8ح1852، تہذیب الکمال 1/245، تذکرۃ الحفاظ2/505، سیر اعلام النبلاء 11/35، الکاشف 1/189ح1، تذہیب التہذیب 1/122ح1، تہذیب التہذیب 1/13ح1، تقریب التہذیب 1/29ح1، معجم اسامی 1/93، نثل النبال 1/140ح129

جرح وتعدیل

ابن الجنید نے یحییٰ بن معین سے حارث النقال اور احمد بن ابراہیم الموصلی کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ دونوں صدوق ثقہ ہیں۔

ابن محرز نے کہا کہ میں نے یحییٰ بن معین کو سنا کہ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابوداود نے کہا کہ میں نے احمد بن حنبل کو ان سے حدیث لکھتے ہوئے دیکھا۔

ابن ابو حاتم نے عبداللہ بن احمد بن حنبل کے حوالے سے یحییٰ بن معین کا قول نقل کیا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ابی زکریاالازدی نے تاریخ موصل میں لکھا ہے کہ صاحب فضل تھے اور کثیر الحدیث تھے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ اس کی توثیق کی گئی ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

شیخ البانی نے کہا کہ اس کی حدیث حسن ہے۔

ان کی وفات 236 ہجری میں ہوئی۔

2. **احمد بن ابراہیم بن فیل الاسدی**[1] (کن)

روی عن: ابراہیم بن مہدی المصیصی، احمد بن ابو بکر الزہری، احمد بن ابو شعیب الحرانی، احمد بن عبداللہ بن یونس الیربوعی، احمد بن محمد بن ثابت الخزاعی المروزی (ابن شبویہ)، اسحاق بن ابراہیم بن یزید الدمشقی الفرادیسی، اسحاق بن سعید بن الارکون الدمشقی، اسماعیل بن ابراہیم بن معمر الہذلی القطیعی، اسماعیل ابن عبید بن ابو کریمہ الحرانی، حماد بن یحییٰ البلخی، حسن ابن عیسی بن ماسرجس النیشاپوری (مولی ابن المبارک)، ربیع بن نافع الحلبی، سعید بن حفص النفیلی الحرانی، سلیمان ابن عبد الرحمن الدمشقی (

1۔ الثقات 8/44، تہذیب الکمال 1/249ح3، سیر اعلام النبلاء 14/526،، تذہیب التہذیب 1/122ح2، تہذیب التہذیب 1/13ح2، تقریب التہذیب 1/29ح2

ابن بنت شر حبیل) ، عامر بن اسماعیل البغدادی، عباد بن موسی الختلی، عبد اللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان الدمشقی المقرئ، عبد اللہ بن ربیعہ المصیصی، عبد اللہ بن محمد بن الربیع الکرمانی، عبد اللہ بن محمد ابن علی النفیلی الحرانی ، عبد الرحمن بن ابراہیم الدمشقی (دحیم ابن الیتیم) ، عبد الملک بن سعید بن مروان الحرانی، عبد الوہاب بن نجدہ الحوطی، عمر بن یزید السیاری، ابو موسی عیسی بن سلیمان الحجازی، محبوب بن موسی الانطاکی الفراء، محمد بن آدم المصیصی، محمد بن اسماعیل بن ابو سمینہ البصری، محمد ابن سلام الانطاکی، محمد بن القاسم الحرانی، سحیم، محمد بن قدامہ بن اعین المصیصی، محمد بن مصفی، محمود بن خالد السلمی الدمشقی، المسیب بن واضح، معافی بن سلیمان الرسعنی، موسی بن ایوب النصیبی، ہشام بن عمار الدمشقی، وہب بن بیان الواسطی۔

روی عنہ :نسائی(حدیث مالک) ، احمد بن محمد بن زیاد (ابن الاعرابی) ، جعفر بن محمد بن جعفر الدمشقی(ابن بنت عدبس)، حاجب بن ارکین الفرغانی، خیثمہ بن سلیمان الاطرابلسی، سلیمان بن احمد الطبرانی، محمد بن احمد الدولابی ، محمد بن احمد بن حمدان الرسعنی، محمد بن احمد الرافقی، محمد بن ابو الطاہر الحسن بن احمد (پوتا) ، محمد بن سہل ابن ابو سعید عثمان التوخی، محمد بن عبد الرحمن ابن عبد المؤمن، محمد بن محمد بن داود الکرجی، یعقوب بن اسحاق الاسفرائینی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

مسلمہ بن قاسم نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ابن عساکر نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ذہبی نے کہا کہ شیخ امام محدث ہے۔ انطاکیہ شہر کا امام ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ بارہویں طبقہ کا صدوق ہے۔

3. **احمد بن ابراہیم بن کثیر بن زید بن افلح**[1] (م،د،ت،ق)

روی عن : احمد بن عبد اللہ بن یونس الیربوعی، احمد بن نصر بن مالک الخزاعی، اسحاق بن یوسف الازرق، اسماعیل ابن علیہ، بکر بن عبد الرحمن الکوفی القاضی، بکیر بن محمد بن اسماء، بہز بن اسد، جریر بن عبد الحمید الضبی، حجاج بن محمد المصیصی، حفص ابن غیاث النخعی، حماد بن اسامہ، خالد بن مخلد القطوانی، ربعی بن ابراہیم بن علیہ، ریحان بن سعید الناجی، زہیر بن نعیم بن داود الطیالسی، شبابہ بن سوار، شجاع بن الولید بن قیس، صفوان بن عیسی الزہری، طلق ابن غنام النخعی، عبد اللہ بن جعفر الرقی، عبد اللہ بن صالح العجلی، عبد اللہ بن مسلمہ القعنبی، عبد الرحمن بن مہدی، عبد الرحیم بن عبد الرحمن بن محمد المحاربی، عبد السلام بن عبد الرحمن بن صخر، عبد الصمد بن عبد الوارث، عبد الکبیر بن عبد المجید الحنفی، عبد الملک بن عمرو العقدی، عبید اللہ بن موسی العبسی، عمر بن حفص ابن غیاث النخعی، علاء بن عبد الجبار العطار، قتیبہ ابن سعید البلخی، مبشر بن اسماعیل الحلبی، محمد ابن عمر الکلابی، محمد بن کثیر المصیصی، محمد بن مقاتل العبادانی، محمد بن یزید بن خنیس المکی، موسی بن اسماعیل التبوذکی، ہشیم بن بشیر، وکیع بن الجراح، وہب بن بقیہ الواسطی، وہب ابن جریر، یزید بن زریع، یزید بن ہارون۔

روی عنہ : مسلم، ابو داود، الترمذی، ابن ماجہ، احمد بن محمد بن مسروق الطوسی، احمد بن منصور الرمادی، بقی بن مخلد، حاجب بن ابو بکر، عبد اللہ بن احمد بن حنبل، عبد اللہ بن محمد بن ابو الدنیا، محمد بن احمد بن البراء العبدی، ہیثم بن خلف الدوری، یعقوب بن شیبہ السدوسی۔

جرح وتعدیل

ابو حاتم رازی نے کہا کہ صدوق ہے۔

صالح جزرۃ نے کہا کہ ثقہ ہے۔

عقیلی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

1۔ تاریخ الکبیر 2/6ح1509، المعرفۃ والتاریخ، الجرح والتعدیل 2/39ح3، تہذیب الکمال 1/252ح4، سیر اعلام النبلاء 12/130، تذکرۃ الحفاظ 2/505، الکاشف 1/189ح2، الاعلام بوفیات الاعلام ح1069، تذہیب التہذیب 1/123ح3، تہذیب التہذیب 1/14ح3، تقریب التہذیب 1/29ح3

خلیلی نے کہا کہ ثقہ متفق علیہ ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ حافظ ہے اس کی تصانیف ہیں۔

ابن حجر نے کہا کہ دسویں طبقہ کا ثقہ حافظ ہے۔

ان کی وفات 246 ہجری میں ہوئی۔

4. **احمد بن ابراہیم بن محمد بن عبد اللہ بن بکار**[1] (س)

روی عن : ابراہیم بن سعید الجوہری، ابراہیم بن عبد اللہ بن العلاء بن زبر الربعی، ابراہیم بن محمد بن عبد اللہ القرشی (والد)، ابراہیم بن محمد بن یوسف الفریابی، ابراہیم بن المنذر، احمد بن ابی بکر الزہری، احمد بن ابی الحواری، احمد بن عمرو بن السرح، اسحاق بن ابراہیم الفرادیسی، اسحاق بن سعید بن الارکون، ایوب المکتب، حماد بن مالک الاشجعی، خالد بن عمرو السلفی، زہیر بن عباد الرؤاسی، سعید بن عبد الجبار الزبیدی، سلیمان بن سلمہ الخبائری، سلیمان بن عبد الرحمان الدمشقی، عباس بن عبد الرحمان البیروتی، عبد الرحمان بن یحییٰ بن اسماعیل بن عبید اللہ، عبد الملک بن شعیب بن لیث بن سعد، عمرو بن حفص البزاز، عمرو بن عثمان بن سعید الحمصی، کثیر بن یزید القنسرینی، محمد بن آدم المصیصی، محمد بن عائذ القرشی، محمد بن عبد اللہ بن بکار، محمد بن عثمان التنوخی، محمد بن مصفیٰ الحمصی، محمد بن یزید الطرسوسی، مسیب بن واضح الحمصی، مہدی بن جعفر الرملی، موسیٰ بن ایوب النصیبی، نصر بن محمد بن سلیمان، ہدیہ بن عبد الوہاب المروزی، یزید بن خالد بن موہب، یعقوب بن حمید بن کاسب۔

روی عنہ: نسائی، سلیمان بن ایوب بن حذلم، احمد بن عمیر بن یوسف، احمد بن محمد بن عمارۃ، احمد بن مروان الدینوری (ابو بکر)، جعفر بن محمد بن جعفر بن ہشام، حسن بن حبیب بن عبد الملک، سلیمان بن احمد الطبرانی، عبد الرحمان بن عبد اللہ بن عمر، علی بن یعقوب بن ابی العقب، عمار بن الخزز، فیاض بن

1۔ تہذیب الکمال 1/252ح4، الکاشف 1/189ح3، تذہیب التہذیب 1/123ح4، تہذیب التہذیب 1/15ح4، تقریب التہذیب 1/30ح4

القاسم بن حریش، محمد بن ابراہیم بن عبد الرحمان، محمد بن جعفر النمیری، محمد بن سلیمان بن ذکوان، محمد بن صبیح بن رجاء الثقفی، محمد بن عمرو بن موسیٰ العقیلی، محمد بن الفیض بن محمد، محمد بن ہارون بن شیعب، یعقوب بن اسحاق الاسفرائینی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابن عساکر نے کہا کہ ثقہ ہے۔

مسلم نے اپنے مقدمہ میں ان سے دو روایات لی ہیں۔

ذہبی نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق ہے۔

ان کی وفات 289 ہجری میں ہوئی۔

5. (اوہام) احمد بن ابراہیم التیمی۔

یہ ابراہیم بن محمد التیمی ہے۔

6. احمد بن الازہر بن منیع[1] (س،ق)

1۔ الجرح والتعدیل 2/41ح11، الکامل ابن عدی 1/317ح33، ثقات 8/43، تاریخ بغداد 5/66، المعجم المشتمل ص38ح5، تاریخ ابن کثیر (اردو 11/83)، تہذیب الکمال 1/255ح6، تذکرۃ الحفاظ 2/545، العبر 2/26، میزان الاعتدال 1/82، الرواۃ الثقات ص 44ح6، لکاشف 1/189ح4، المغنی 1/58ح240، میزان الاعتدال 1/476ح213 (اردو 1/134ح213)، سیر اعلام النبلاء 9/574، 575، المغنی 1/58ح240، تذکرۃ الحفاظ 2/545، الاعلام بوفیات العلام ح1178، تذہیب التہذیب 1/124ح6، تہذیب التہذیب 1/15ح6، تقریب التہذیب التہذیب 1/30ح5

روی عن : ابراہیم بن الحکم بن ابان العدنی ، آدم بن ابو ایاس العسقلانی، اسباط بن محمد القرشی ، اسحاق بن سلیمان الرازی، اسحاق بن منصور السلولی، اسماعیل بن عبد الکریم الصنعانی، اسماعیل بن عمر الواسطی، انس بن عیاض اللیثی، جارود بن یزید العامری، حماد بن اسامہ ، روح بن عبادہ، زید بن الحباب ، زید بن یحییٰ بن عبید الدمشقی، سعید بن عامر الضبعی ، سلیمان بن حرب ، سوید بن سعید الحدثانی ، ضحاک بن مخلد، عبد اللہ بن جعفر الرقی ، عبد اللہ بن الزبیر الحمیدی، عبد اللہ بن صالح المصری، عبد اللہ بن میمون القداح، عبد اللہ بن نمیر الہمدانی ، عبد الرحمن بن واقد الواقدی ، عبد الرزاق بن ہمام الصعنانی ، عبد العزیز بن الخطاب الکوفی ،، عبد الملک بن ابراہیم الجدی، عبد الملک بن عمرو العقدی، علی بن عاصم الواسطی ، عمرو بن عثمان الرقی ، قریش بن انس البصری ، مالک بن سعیر بن الخمس ، محمد بن اسماعیل بن ابو فدیک ، محمد بن بشر العبدی، محمد بن بلال البصری، محمد بن سلیمان بن ابو داود الحرانی، محمد بن شرحبیل الانباری، محمد بن عبد اللہ الانصاری ، محمد بن عبید الطنافسی ، محمد ابن عیسی ابن الطباع، محمد بن الفضل السدوسی، محمد بن کثیر المصیصی، محمد بن یوسف الفریابی ، مروان بن محمد الطاطری ، معلی بن منصور الرازی ، ہشام بن عبد الملک الطیالسی ،ہیثم بن جمیل الانطاکی ، وہب بن جریر بن حازم ، یحییٰ بن آدم ، یزید بن ابو حکیم العدنی ، یعقوب بن ابراہیم بن سعد الزہری، یعلی بن عبید الطنافسی، یونس بن محمد المؤدب۔

روی عنہ: نسائی، ابن ماجہ، ابراہیم بن ابو طالب النیشاپوری، احمد بن الحسن بن عبد الجبار، ابو حامد احمد بن محمد بن الحسن ، اسماعیل بن الفضل البلخی ، جعفر بن محمد بن موسی النیشاپوری ، حسن بن محمد بن جابر النیشاپوری، حسن بن محمد بن الحسن بن صالح، زید بن عوف العامری، عبد اللہ بن العباس الطیالسی، عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی، عبد اللہ بن محمد بن الحسن بن الشرقی، عبد الرحمن بن یوسف بن خراش، عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، محمد ابن ادریس الرازی، ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ، محمد بن اسماعیل البخاری (بخاری نے صحیح بخاری میں اس سے کوئی روایت نہیں لی)، محمد بن جریر بن یزید الطبری، محمد بن رافع القشیری النیشاپوری ، محمد بن عبد الوہاب العبدی، محمد بن یحییٰ الذہلی، مسلم بن الحجاج القشیری (مسلم نے اس سے صحیح مسلم میں کوئی روایت نہیں لی) ، مکی بن عبدان النیشاپوری، موسی بن العباس الجوینی، موسی بن ہارون بن عبد اللہ الحافظ ،یعقوب بن اسحاق الاسفرائینی۔

جرح وتعدیل

ابو حاتم رازی نے کہا کہ یہ صدوق ہے۔

یحییٰ بن معین نے اس روایت کے بارے میں ان پر الزام عائد کیا ہے، جو انہوں نے امام عبد الرزاق کے حوالے سے نقل کی ہے۔ پھر انہوں نے اسے معذور قرار دیا ہے۔

ابن عدی فرماتے ہیں کہ یہ بظاہر اہل صدق میں سے محسوس ہوتا ہے۔

ابن شاہین نے اسے ثقہ قرار دیا ہے۔

امام حاکم کہتے ہیں کہ یہ سچا ہے۔

نسائی نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

صالح جزرہ نے اسے صدوق کہا ہے۔

ابن حبان نے کہا ہے کہ غلطی کرتا ہے۔

ابن عدی نے کہا ہے کہ اہل صدق سے تھا۔

ابو احمد حاکم کہتے ہیں کہ جو روایت یہ کتاب سے کرتا تھا وہ صحیح ہے، جب یہ بوڑھا ہو گیا تو تلقین کرتا تھا۔

مکی بن عبدان نے امام مسلم سے اس کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے کہا کہ اس سے حدیث لکھ لو۔

ابراہیم بن ابو طالب نے کہا ہے کہ شیوخ حدیث میں سے ایک اچھا شخص تھا۔

احمد بن سیار کہتے ہیں کہ حسن الحدیث تھا۔

دارقطنی کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

خطیب لکھتے ہیں کہ اس نے یحییٰ بن معین کے زمانے میں بغداد میں حدیث بیان کی۔ کئی بغدادیوں نے حدیث لکھی جن میں موسیٰ بن ہارون، احمد بن عبد الجبار، عبد اللہ بن عباس طیالسی وغیرہ شامل ہیں۔

خطیب نے محمد بن علی مقرئی سے انہوں نے محمد بن عبد اللہ ابو عبد اللہ نیشاپوری سے، انہوں نے محمد بن حامد البزار سے انہوں نے ابو حامد احمد بن محمد بن حسن الحافظ سے ابو ازہر کا قول سنا کہ مجھ سے یحییٰ بن معین نے روایت لی ہے۔

ابو عبد اللہ نے محمد بن اسماعیل السکری سے بحوالہ احمد بن حمدان الاعمی بحوالہ محمد بن یحییٰ بحوالہ ابو ازہر بیان کیا کہ: وہب بن جریر نے ہم سے حدیث بیان کی اور کیا جاؤ اور اس سے سن لو۔

اس راوی نے کوفہ کے اکابر مشائخ جیسے عبداللہ بن عمیر اور ان طبقے کے دیگر افراد کو پایا ہے اور اس کے حوالے سے جلیل القدر حضرات نے احادیث روایت کی ہیں۔ علماء نے اس کے بارے میں کوئی کلام نہیں کیا بجز ایک روایت کے جو اس نے عبدالرزاق کے حوالے سے حضرت علیؓ کے فضائل میں نقل کی ہے، جس کے بارے میں انس ان کا ذہن گواہی دیتا ہے کہ یہ روایت جھوٹی ہے۔

شیخ ابو حامد شرقی کہتے ہیں کہ اس کا سبب یہ ہے کہ اس کا راوی معمر ہے۔ اس کا ایک بھانجا رافضی تھا۔ اس نے معمر کی کتاب میں یہ روایت شامل کر دی۔ معمر ایک جلیل القدر بزرگ تھا۔ کوئی شخص یہ قدرت نہیں رکھتا کہ اس پر مراجعت کر سکے۔ عبدالرزاق نے یہ روایت کتاب میں اس سے سنی ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ عبدالرزاق امور کی معرفت رکھتے تھے۔ انہوں نے یہ روایت احمد بن ازہر سے نقل کی ہے، جب کہ یہی روات محمد بن حمدون نیشاپوری نے اپنی سند کے ساتھ عبدالرزاق کے سے نقل کی ہے۔

تو ابو ازہر نامی راوی اپنے عہدے سے بری الذمہ ہو جائے گا۔

ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ صدوق ہے حافظ تھا اور جو روایت یہ کتاب سے کرتا تھا وہ ثبت ہے۔

ان کی وفات 263 ہجری میں ہوئی۔

7. احمد بن اسحاق بن الحصین بن جابر [1] (خ)

روی عن : سلیمان بن حرب، عبید اللہ بن موسی، عثمان بن عمر بن فارس، عمرو بن عاصم الکلابی، محمد بن عبداللہ الانصاری، یحیٰ بن حماد الشیبانی، یعلی بن عبید الطنافسی۔

روی عنہ: بخاری، ابراہیم بن عفان البزاز، ادریس بن عبدک المطوعی، اسحاق بن احمد بن اسحاق السلمی (بیٹا)، بکر بن منیر بن خلید بن عسکر، حاشد بن مالک، حمدویہ بن الخطاب، شفیع بن اسحاق المحتسب، عبید اللہ بن واصل، لیث بن نصر بن الحسین الشاعر، محمد بن الضوء الشیبانی، محمد بن عمران المطوعی۔

1۔ الثقات 8/12، المعجم المشتمل ص 38ح6، تہذیب الکمال 1/261ح7، سیر اعلام النبلاء 13/37، الکاشف 1/190ح5، تذہیب 1 التہذیب/125ح7، تہذیب التہذیب 1/17ح8، تقریب التہذیب 1/31ح6، الوافی بالوفیات 6/241

جرح وتعدیل

ان کے بیٹے ابو صفوان نے بیان کیا کہ میرے والد کو مامون نے نے تیس ہزار درہم اور کئی غلام بھیجے لیکن انہوں نے انہیں قبول نہ کیا۔

ابراہیم بن عفان البزار بیان کرتے ہیں کہ ہم ابو عبداللہ بخاری کے پاس تھے تو ابو اسحاق سرماری کا ذکر شروع ہوا تو انہوں نے کہا کہ اسلام میں ان کی مثل کوئی نہیں ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ زاہد و عابد امام تھے۔ اسلام کے مجاہد تھے اور ثقات میں سے تھے۔ ان کی شجاعت ضرب المثل تھی۔

ابن حجر نے انہیں گیارہویں طبقہ کا صدوق کہا ہے۔

ان کی وفات 242 ہجری میں ہوئی۔

8. **احمد بن اسحاق بن زید بن عبداللہ بن ابی اسحاق**[1] (م، د، ت، س)

روی عن : حماد بن سلمہ ، الخلیل بن مرہ ، عبد اللہ بن حسان العنبری ، عبد اللہ بن عرادہ الشیبانی ، عبد العزیز بن المختار ، عبد الواحد بن زیاد ، عکرمہ بن عمار الیمامی ، عمران بن خالد الخزاعی ، ہمام بن یحیٰی ، ابو عوانہ الوضاح ابن عبد اللہ ، وہیب بن خالد ، یحیٰی بن سعید القطان۔

روی عنہ : ابراہیم بن سعید الجوہری ، ابراہیم بن یعقوب جوزجانی ، احمد بن ثابت الجحدری ، احمد بن الحسن بن خراش ، احمد بن ابو عمر حفص بن عمر الدوری ، احمد بن ابو خیثمہ ، احمد بن سعید الدارمی ، اسحاق بن الحسن الحربی ، حارث بن محمد بن ابو اسامہ ، حفص بن عمر الدوری ، زہیر بن حرب النسائی ، عباس بن جعفر بن الزبرقان ، عباس بن محمد الدوری ، عبد اللہ بن محمد بن ابو شیبہ ، عبد ابن حمید ، عبید اللہ بن سعید

1۔ طبقات ابن سعد 9/252ح4210 (اردو 7/213)، تاریخ الکبیر بخاری 2/1ح1480، الجرح والتعدیل 2/40ح8، الثقات 8/4، تاریخ بغداد 5/45ح1895، تہذیب الکمال 1/263ح8، الکاشف 1/190ح6، میزان الاعتدال 1/214ح294 (اردو 1/135ح294)، تذہیب التہذیب 1/128ح8، تہذیب التہذیب 1/17ح9، تقریب التہذیب 1/31ح7۔

السرخسی، عثمان بن محمد بن ابوشیبہ ، علی بن نصر بن علی الجہضمی ، محمد بن اسحاق الصاغانی ، محمد بن الحسین البرجلانی، محمد بن ابو عمر حفص بن عمر الدوری،یعقوب بن شیبہ السدوسی۔

جرح وتعدیل

یہ بصرہ کے رہنے والے تھے، پھر بغداد آ گئے تھے۔

ابن سعد نے کہا کہ آپ ثقہ ہیں۔

نسائی اور دیگر حضرات نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔

ابوزرعہ اور ابو حاتم نے انہیں ثقہ کہا ہے۔

یعقوب بن شیبہ نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ان کا ذکر کیا ہے۔

احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں، میں نے اسے اس لیے ترک کیا کہ ابن اکثم نے اس کے حوالے سے منقول روایات میں کچھ داخل کر دیا تھا۔

ابن منجویہ نے کہا ہے کہ حافظ الحدیث تھا۔

ذہبی نے لکھا ہے امام زاہد

ابن حجر نے کہا ہے کہ نویں طبقہ کا ثقہ حافظ راوی ہے۔

ان کی وفات 211 ہجری میں بصرہ میں ہوئی۔

9. **احمد بن اسحاق بن عیسیٰ الاہوازی**[1]

روی عن : حجاج بن نصیر الفساطیطی، خلاد بن یحییٰ السلمی ، ابو توبہالربیع بن نافع الحلبی،عامر بن مدرک الحارثی،عبد اللہ بن السری الانطاکی،عبد اللہ بن یزید ابو عبد الرحمن المقریٔ، محمد بن عبد اللہ بن الزبیر ابو احمد الزبیری،موسی بن داود الضبی،یعلی بن عباد الکلابی۔

1۔ تہذیب الکمال 1/265ح9، الکاشف 1/190ح7،تذہیب التہذیب 1/129ح9،تہذیب التہذیب 1/18ح10، تقریب التہذیب 1/32ح8۔

روی عنہ : ابو داود، احمد بن الصقر بن ثوبان، احمد بن عمرو بن عبد الخالق البزار، احمد بن محمد بن بکر النسائی ،زکریا بن یحییٰ الساجی، عبد اللہ بن احمد بن موسی الحافظ (المعروف عبدان الجوالیقی) ،عبد اللہ بن محمد بن ابو الدنیا، قاسم بن زکریا المطرز، محمد بن جریر الطبری، محمد بن یحییٰ بن مندہ الاصبہانی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ صالح ہے۔

مسلمہ بن قاسم نے کہا کہ صدوق ہے۔

ذہبی نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق ہے۔

ان کی وفات 250ہجری میں ہوئی۔

10. احمد بن اسماعیل بن محمد بن نبیہ[1] (ق)

روی عن : ابراہیم بن سعد، حاتم بن اسماعیل، سعد بن سعید بن ابو سعید المقبری، عبد الرحمن بن ابو الزناد، عبد العزیز بن عمران الزہری، عبد العزیز بن محمد الدراوردی، کثیر بن جعفر بن ابو کثیر، مالک بن انس، محمد بن اسماعیل بن ابو فدیک، مسلم بن خالد الزنجی، مصعب بن عبد اللہ الزبیری۔

روی عنہ: ابن ماجہ، اسماعیل بن العباس الوراق، حسن بن علی بن شبیب المعمری، حسین بن اسماعیل المحاملی، عباس بن یوسف الشکلی، عبد اللہ بن احمد الجصاص، عبد اللہ بن عروہ الہروی، محمد بن ابراہیم بن شعیب الغازی، محمد بن احمد بن الحسین الاہوازی، محمد بن احمد بن زہیر القیسی الطوسی، محمد بن مخلد الدوری، محمد بن المسیب الارغیانی، یعقوب بن عبد الرحمن الجصاص المعروف بالدعاء۔

جرح وتعدیل

1۔ المجروحین، 1/161ح79 الکامل ابن عدی 1/287ح15، تاریخ بغداد 5/38ح1888، تہذیب الکمال 1/266ح10، الکاشف 1/190ح8، المغنی 1/59ح244، دیوان الضعفاء ص2ح480، میزان الاعتدال 1/215ح298، دیوان الضعفاء ص2 ح10، سئیر اعلام النبلاء 12/24، الاعلام بوفیات العلام ح1155، تذہیب التہذیب 1/129ح10، تہذیب التہذیب 1/18ح11، تقریب التہذیب 1/32ح9۔

انہوں نے امام مالک کے حوالے سے موطا نقل کی ہے اور امام مالک کے شاگردوں میں سے سب سے اخر میں ان کا انتقال ہوا۔

ابو احمد الحاکم نے کہا کہ متروک الحدیث ہے۔

امام حاکم کہتے ہیں کہ متروک الحدیث ہیں۔

ابن قانع نے کہا کہ ضعیف ہیں۔

ابن حبان نے اپنی کتاب المجروحین میں ذکر کیا ہے۔

ابن عدی کہتے ہیں کہ مالک کے موطا کی روایت کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی روایات باطل ہیں۔

خطیب بغدادی اور دیگر حضرات بیان کرتے ہیں کہ یہ جان بوجھ کر جھوٹ بیان نہیں کرتے۔

دارقطنی نے کہا کہ یہ ضعیف ہے۔ اس کے سامنے موطا کے علاوہ دیگر روایات پیش کی گئیں تو اس نے انہیں بھی روایت کر دیا۔

برقانی کہتے ہیں کہ دارقطنی اس کے بارے میں اچھی رائے رکھتے تھے اور انہوں نے اپنی صحیح میں اس سے روایت کی ہے۔

برقانی نے دارقطنی سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے اسے ہدایت کی تھی کہ وہ اس راوی کے حوالے سے صحیح روایت نقل کر دیں۔

ابن عدی نے کہا کہ اس نے امام مالک اور دیگر حضرات کے حوالے سے جھوٹی روایت نقل کی ہیں، جبکہ ابن صاعد نے اس کے حوالے سے احادیث نقل کرنے کو ایک مدت سے منع کر دیا تھا۔

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے سے یہ روایت مرفوع حدیث کے طور پر نقل کی ہے۔

"پچھنے لگانے والے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے"۔

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت بھی نقل کی ہے۔

"نبی اکرم ﷺ نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم کی بنیاد پر فیصلہ دے دیا تھا"۔

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت بھی نقل کی ہے۔

"لوگ تمام جہانوں کے پروردگار کی بارگاہ میں کھڑے ہوں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ کھڑے ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی شخص اپنے پسینے میں ڈوب جایے گا"۔

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت بھی نقل کی ہے۔

"اللہ تعالیٰ زمین کو قبضے میں لے گا اور اسمان کو اپنے دائیں دست مبارک کے ذریعے لپیٹ لے گا"۔

ابن عدی فرماتے ہیں کہ یہ اور اس سے پہلے والی دو روایات کو ابن وہب نے بھی امام مالک کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ تاہم ابو حذیفہ نامی اس راوی کا محل نہیں ہے کہ اس نے یہ دونوں روایات امام مالک سے سنی ہوں۔

ذہبی فرماتے ہیں کہ ابو حذیفہ پر یہ اعتراض نہیں کیا جاسکتا کہ متن میں کوئی خرابی ہے، بلکہ سند کے حوالے سے اعتراض ہو سکتا ہے لیکن وہ بھی انہوں نے جان بوجھ کر غلط بیانی نہیں کی۔

ابو عباس سراج کہتے ہیں کہ میں نے فضل بن سہل کو سنا۔ انہوں نے امام مالک کے شاگرد ابو حذیفہ کا ذکر کرتے ہویے انہین جھوٹا قرار دیا اور کہا یہ جو بھی بات کہتا ہے ہمیشہ یہی کہتا ہے کہ یہ روایت امام مالک نے نافع کے حوالے سے عبد اللہ بن عمرؓ سے مجھے سنائی ہے۔

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ امام مالک سے نافع کے حوالے سے عبد اللہ بن عمرؓ کا یہ قول نقل کیا ہے۔

"علم کی تین صورتیں ہیں: بولنے والی کتاب، گزری ہوئی سنت اور مجھے نہیں معلوم"۔

راوی کو شک ہے شاید اس کی مانند کوئی اور لفظ ہے۔ ابن خزیمہ نے اس کے حوالے سے روایت نقل کی ہے پھر انہوں نے اسے متروک قرار دیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ اس میں ضعف ہے، امام محدث فقیہ ہے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ اس کے حوالے سے ابن صاعد نے احادیث نقل کی ہیں۔ خطیب بغدادی نے فضل بن سہل کا قول نقل کیا ہے کہ امام مالک کے شاگرد ابو حذافہ نے اسے جھوٹا قرار دیا ہے اور یہ کہا ہے جو بات بھی یہ کہتا ہے تو کہتا ہے کہ مجھے سے مالک نے بحوالہ نافع بحوالہ ابن عمرؓ بیان کیا۔

ابن حجر کہتے ہیں کہ اس کا موطا کا سماع صحیح ہے باقی روایات میں مختلط ہے اور دسویں طبقہ کا ہے۔

انہوں نے 259 ہجری میں وفات پائی۔

11. احمد بن اشکاب[1] الحضرمی[2] (خ)

کہا جاتا ہے کہ یہ احمد بن معمر بن اشکاب ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ احمد بن عبید اللہ بن اشکاب ہے۔

روی عن: اسماعیل بن ابراہیم ابو یحییٰ التیمی، رفاعہ بن ایاس بن نذیر، شریک بن عبد اللہ النخعی، عبد الرحمن بن عبد الملک بن ابجر، عبد الرحمن بن محمد المحاربی، عبد الرحیم بن سلیمان الرازی، عبد السلام بن حرب الملائی، علی بن عابس، قاسم بن مالک المزنی، محمد بن بشر العبدی، محمد بن عبید الطنافسی، محمد بن فضیل بن غزوان، یحییٰ بن یعلی الاسلمی، ابو بکر بن عیاش۔

روی عنہ : بخاری، احمد بن عیسی اللخمیا لتنیسی الخشاب، اسحاق بن الحسن بن الحسین الطحان، بکر بن سہل بن اسماعیل، حسن بن سلیمان بن سلام الفزاری، حسن بن علی ابن خالد اللیثی، سعید بن اسد بن موسی، عباس بن محمد الدوری، محمد بن ابراہیم بن مسلم الطرسوسی ، محمد بن ادریس الرازی ، محمد بن اسحاق الصاغانی، محمد بن عبد الملک بن زنجویہ، محمد بن یوسف المصری، یحییٰ بن معین، یعقوب بن سفیان الفارسی۔

جرح وتعدیل

یعقوب بن شیبہ نے کہا کہ ثقہ ہے۔

عجلی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابو زرعہ نے کہا کہ صاحب حدیث ہے، میں نے اسے دیکھا ہے، اس کو دیکھو مگر اس سے حدیث مت لکھو۔

ابو حاتم نے کہا کہ ثقہ مامون صدوق ہے۔

عباس دوری نے کہا کہ یحییٰ بن معین اس سے کثیر تعداد میں لکھا کرتے تھے۔

ابن حبان نے اسے اپنی ثقات میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ کبھی کبھار خطائ کرتا ہے۔

ذہبی نے کہا ہے کہ حجت کثیر ہے۔

1۔ الجرح والتعدیل میں اس کا نام "احمد بن معمر بن اشکیب" مذکور ہے۔

2۔ تاریخ الکبیر 2/4ح1494، المعرفہ والتاریخ 2/2،280/71، الجرح والتعدیل 2/77ح165، الثقات 8/6، تہذیب الکمال 1/267ح11، الکاشف 1/190ح9، سیر اعلام النبلاء 10/576، تذہیب التہذیب 1/130ح11، تہذیب التہذیب 1/19ح12، تقریب التہذیب التہذیب 1/32ح10، وافی بالوفیات 6/160ح386۔

ابن حجر نے کہا ہے کہ گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ راوی ہے۔
ان کی وفات 218 ہجری میں ہوئی۔

12. احمد بن ایوب بن راشد الضبی[1] (بخ)

روی عن : سفیان بن حبیب، سہل بن اسلم، شبابہ بن سوار، عبد الاعلی بن عبد الاعلی، عبد الوارث بن سعید ، عوبد بن ابو عمران الجونی، مسلمہ بن علقمہ المازنی ۔

روی عنہ : بخاری، احمد بن عمار بن خالد الواسطی، احمد بن محمد بن عاصم الرازی، الحسن بن علی بن شبیب المعمری، عبد اللہ بن احمد بن ابراہیم الدورقی، عبید اللہ بن عبد الکریم ابو زرعہ الرازی، علی بن الحسین بن الجنید الرازی۔

جرح وتعدیل

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں ذکر کیا ہے، اور کہا ہے کہ کبھی کبھار غرائب بیان کرتا ہے۔
ابن حجر نے کہا ہے کہ دسویں طبقہ کا مقبول راوی ہے۔
ہیثمی نے کہا کہ ضعیف ہے۔

13. احمد بن بدیل بن قریش بن بدیل[2] (ت،ق)

1۔ الجرح والتعدیل 2/40ح7،الثقات 8/19، تہذیب الکمال،تذہیب التہذیب 1/130ح12، تہذیب التہذیب 1/20ح13، تقریب التہذیب 1/33ح11، مجمع الزوائد 6/120، معجم اسامی الرواۃ 1/95

2۔ الجرح والتعدیل 2/43ح17، المعرفۃ التاریخ 1/430، الکامل ابن عدی 1/305ح23، الثقات 8/39، تاریخ بغداد 5/80ح1925، مجمع الزوائد 7/242، تہذیب الکمال 1/270، میزان الاعتدال 1/218ح304(اردو 1/138ح304) ، العبر 2/22، الکاشف 1/190ح10، سیر اعلام النبلاء 12/331، دیوان الضعفاء ص 2ح12، المغنی 1/59ح247، الاعلام بوفیات العلام ح1145، تذہیب التہذیب 1/131ح13، تہذیب التہذیب 1/20ح14، تقریب التہذیب 1/33ح12، الوافی بالوفیات 6/164ح399، معجم اسامی الرواۃ 1/95۔

روی عن: ابراہیم بن عیینہ، اسحاق بن سلیمان الرازی، جابر بن نوح الحمانی، حفص بن غیاث النخعی، حماد بن اسامہ، عبد اللہ بن ادریس الاودی، عبد اللہ بن میمون الطہوی، عبد اللہ بن نمیر، عبد الرحمن بن محمد المحاربی، عثام بن علی العامری، عیسی بن راشد، محمد بن خازم، محمد بن فضیل، مفضل بن صالح الاسدی، وکیع بن الجراح، یحییٰ بن عیسی الرملی، ابو بکر بن عیاش۔

روی عنہ: ترمذی، ابن ماجہ، ابراہیم بن حماد بن اسحاق القاضی، ابراہیم بن دینار الحوشبی الہمذانی، ابراہیم بن عمروس بن محمد، احمد بن اوس المقرئ، احمد بن الحسن بن عزون، احمد بن عبد اللہ بن شجاع، احمد بن عبد اللہ صاحب ابو صخرہ، احمد بن محمد بن اسماعیل الادمی، حاجب بن ارکین، حسن بن علی بن الحسین (ابن ابو الحناء)، عبد اللہ بن اسحاق المدائنی، علی بن الحسن بن سعد البزاز، علی بن عیسی بن داود بن الجراح الوزیر، عمر بن محمد بن نصر الکاغدی، محمد بن عبد اللہ الزعفرانی (بلبل)، ومحمد بن عبید اللہ بن العلاء، نصر ابن محمد، یحییٰ بن محمد بن صاعد۔

جرح وتعدیل

امام نسائی کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابن عدی کہتے ہیں کہ اس نے حفص بن غیاث اور دیگر حضرات کے حوالے سے ایسی روایات نقل کی ہیں جنہیں منکر قرار دیا گیا ہے۔

دار قطنی کہتے ہیں کہ یہ لین ہے۔

صالح بن احمد ہمدانی کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ کوفہ میں اسے کوفہ کے راہب کا خطاب دیا گیا ہے، پھر جب اسے قاضی کا عہدہ دیا گیا تو یہ بولا کہ اس بڑھاپے میں مجھے رسوائی کا شکار کر دیا گیا ہے۔

عبد الرحمان بن ابو حاتم نے کہا کہ اس کا محل صدق ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے اور کہا ہے کہ مستقیم الحدیث ہے۔

ابن عدی نے کہا کہ اس میں کمزوری ہے۔ حفص بن غیاث سے منکر روایت کرتا ہے۔

ازہری نے دار قطنی سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ یہ کمزور ہے۔

ابن عقدہ کہتے ہیں کہ ابراہیم بن اسحاق الصواف، محمد بن عبد اللہ بن سلیمان اور داود بن یحییٰ اس سے راضی نہیں تھے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ حافظ، عالم دین اور فاضل ہے۔ ہمذان کا قاضی، وہاں کی سند اور محدث ہے، عابد ہے اور اس پر کوئی تہمت نہیں۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقے کا صدوق وہمی راوی لکھا ہے۔

ان کی وفات 258 ہجری میں ہوئی۔

14. احمد بن بشیر القرشی المخزومی[1] (خ، ت، ق)

روی عن: اسماعیل بن ابو خالد، حفص بن ابو منصور الکوفی، سعید بن ابو عروبہ، سلیمان الاعمش، شبیب بن بشر، شعبہ بن الحجاج، عبد اللہ بن شبرمہ، عبید اللہ بن عمر، علی البجلی، عمر بن حمزہ العمری، عوانہ بن الحکم الکلبی، عیسی بن میمون المدنی، مجالد بن سعید، محمد بن ابو اسماعیل، مسعر بن کدام، ہارون بن عنترہ، ہاشم بن ہاشم الزہری، ہشام بن حسان، ہشام بن عروہ، یحییٰ بن سلیمان الکوفی۔

روی عنہ : ابراہیم بن عبد اللہ التنوخی، ابراہیم بن موسی الفراء، احمد بن طارق الوابشی، اسحاق بن موسی الانصاری، حسن بن عرفہ بن یزید العبدی، حسین بن عبد الاول النخعی، سعید بن یعقوب الطالقانی، سفیان بن وکیع، سلم بن جنادہ، سلیمان بن منصور الخزاعی، عبد اللہ بن سعید الکندی، عبد الرحمن بن صالح، علاء بن عمرو الحنفی، محمد بن سلام البیکندی، محمد بن طریف، محمد بن عبد اللہ بن نمیر، محمد ابن الفرج البغدادی، محمد بن المثنی الزمن، محمد بن مہران الرازی، نصر بن عبد الرحمن الکوفی، یحییٰ بن سلیمان الجعفی، یوسف ابن موسی الرازی۔

جرح وتعدیل

بخاری نے اس کے حوالے سے اپنی صحیح میں روایت نقل کی ہے۔

احمد بن عبد اللہ بن نمیر کہتے ہیں کہ یہ صدوق ہے۔

1۔ طبقات 8/519ح3559، تاریخ الکبیر 2/1ح1477، الجرح والتعدیل 2/42ح14، المجروحین 1/140، الکامل ابن عدی 1/269ح1، الضعفاء الکبیر 1/228ح277، سؤالات السلمی ص 46ح29، تاریخ بغداد 5/76ح1922، تہذیب الکمال 1/273ح14، المغنی 1/60ح248، دیوان الضعفاء ص 2ح13، الکاشف 1/191ح11، میزان الاعتدال، سئیر 9/241، تذہیب 1/131ح14، تقریب التہذیب 1/34ح13، تہذیب 1/21ح16

یہ تاریخ کے بارے میں اچھی معرفت رکھتا تھا ان کا فہم بھی اچھا تھا اور شعوبیہ فرقہ کا سردار تھا اس کے حوالہ سے بحث و مباحثہ کیا کرتا تھا اور لوگوں کے سامنے اس حوالے سے نظریات پیش کیا کرتا تھا۔ ذہبی کہتے ہیں کہ شعوبیہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو عجمیوں کو عربیوں پر فضیلت دیتے ہیں۔

یحییٰ بن معین نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابوزرعہ رازی نے اسے صدوق کہا ہے۔

ابو حاتم رازی نے کہا کہ اس کا محل صدق ہے۔

سلمی نے دارقطنی سے اس کے بارے سوال کیا تو انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ایک جگہ دارقطنی نے اسے ضعیف کہا اور یہ کہا ہے کہ ان کی نقل کردہ حدیث کا اعتبار کیا جایے گا۔

نسائی نے کہا ہے کہ یہ زیادہ قوی نہیں ہے۔

دارمی نے کہا کہ یہ متروک ہے۔ پہلے کوفہ میں رہتا تھا پھر بغداد آگیا۔ دارمی نے اسے ایک دوسرے راوی (ابو جعفر المؤدب کے سمجھ کر یہ بات کہی ہے اس لیے اس راوی کے لیے یہ قابل قبول نہیں ہے)۔

ابوزرعہ نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابو حاتم نے کہا کہ اس کا محل صدق ہے۔

ابو بکر بن ابوداود نے کہا کہ ثقہ ہے کثیر الحدیث ہے۔

مطین نے کہا کہ شعوبیہ ہے۔

ابن جارود نے کہا کہ متغیر ہے اس کی حدیث کوئی چیز نہیں۔

ابن حجر نے کہا کہ نویں طبقہ کا صدوق وہمی راوی ہے۔

ان کی وفات 197 ہجری میں ہوئی۔

15. **احمد بن بشیر البغدادی**[1] (تمیز)

روی عن: عطاء بن مبارک۔

روی عنہ: ابن ابو دنیا۔

جرح و تعدیل

دارمی نے کہا کہ یہ متروک ہے۔

ابو زرعہ رازی نے کہا کہ صدوق ہے۔

نسائی نے کہا کہ قوی نہیں ہے۔

دار قطنی نے کہا کہ ضعیف ہے، اس کی متابعت دیکھی جائے گی۔

ذہبی نے اسے ضعیف کہا ہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا متروک راوی کہا ہے۔

16. **احمد بن بکار بن ابی میمونہ**[2] (س)

روی عن : بشر بن السری، بشیر بن عبد اللہ، ابو توبہ، بکار بن ابو میمونہ، جعفر بن عون العمری، عبد الحمید بن عبد الرحمن الحمانی، محمد بن خازم الضریر، محمد بن سلمہ الحرانی، محمد بن فضیل بن غزوان، مخلد بن یزید الحرانی، وکیع بن الجراح، وہب بن اسماعیل الاسدی، ابو سعید مولی بنی ہاشم، ابو قتادہ الحرانی۔

روی عنہ : النسائی، احمد بن اسماعیل الحرانی، الحسین ابن اسحاق التستری، ابو عروبہ الحسین بن محمد بن مودود السلمی الحرانی، ابو بکر محمد بن محمد بن سلیمان الباغندی، ابو زید یحییٰ ابن روح الحرانی۔

جرح و تعدیل

نسائی نے اس سے روایت لیتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

1۔ تہذیب الکمال 1/276ح15، تذہیب التہذیب 1/132ح15، تہذیب التہذیب 1/22ح17، تقریب التہذیب 1/34ح14

2۔ الثقات 8/23، تہذیب الکمال 1/277ح16، الکاشف 1/191ح12، تذہیب التہذیب 1/132ح16، تہذیب التہذیب 1/22ح18، تقریب التہذیب 1/34ح15

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے اس کے ضعیف ہونے اور اس کے ہم نام کوفی راوی کے قوی ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ حافظ ہے اور کہا ہے کہ اس کی توثیق کی گئی ہے۔

ابن حجر نے کہا ہے کہ دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

ان کا انتقال 244 ہجری میں ہوا۔

- **احمد بن بکار الدمشقی** (احمد بن عبداللہ بن بکار)،(ت)

یہ احمد بن عبد الرحمان بن بکار ہے۔

17. **احمد بن ابی بکر** [1] (ع)

روی عن : ابراہیم بن سعد الزہری ، حسین بن زید بن علی ، صالح بن قدامہ الجمحی ، عاصم بن سوید الانصاری، عبد الرحمن بن زید بن اسلم ، عبد العزیز بن ابو حازم ، عبد العزیز بن عمران لزہری (ابن ابو ثابت) ، عبد العزیز ابن محمد الدراوردی ، عبد المہیمن بن عباس بن سہل ابن سعد الساعدی، عطاف بن خالد المخزومی، عمر بن طلحہ بن علقمہ اللیثی، عمران بن عبد العزیز بن الزہری، مالک بن انس، محرز بن ہارون القرشی ، محمد بن ابراہیم بن دینار ، مغیرہ بن عبد الرحمن المخزومی ، موسی بن شیبہ بن الانصاری ، یحییٰ بن عمران القرشی، یوسف بن یعقوب بن ابو سلمہ الماجشون۔

روی عنہ : سوائے نسائی کے جماعت ، ابو اسحاق ابراہیم بن عبد الصمد الہاشمی، احمد بن ابراہیم بن فیل البالسی، احمد بن ابراہیم بن محمد البسری، احمد بن عیسی بن مخلد ، احمد بن محمد بن نافع الطحان، اسحاق بن احمد

1۔ تاریخ الکبیر بخاری 2/5ح1506، الجرح والتعدیل 2/43ح16، الثقات 8/21، تہذیب الکمال 1/278، تذکرۃ الحفاظ 2/482، العبر 1/436، میزان الاعتدال، الکاشف 1/191ح13، الاعلام بوفیات الاعلام ص170ح1043 ، تذہیب التہذیب 1/133ح17، تہذیب التہذیب 1/23ح21، تقریب 1/35ح17، 1/23ح21، الوافی بالوفیات 6/269

الفارسی، اسماعیل بن ابان بن، بقی بن مخلد، جعفر بن احمد بن الحافظ، حارث ابن احمد بن ابو بکر الزہری، روح بن الفرج المصری، زکریا بن یحییٰ السجزی، عبد اللہ بن احمد بن حنبل، عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، محمد بن ابراہیم بن زیاد الطیالسی، محمد بن ادریس الرازی، محمد بن عبد اللہ بن سلیمان الحضرمی، محمد بن یحییٰ الذہلی، معاذ بن المثنی بن معاذ، یحییٰ بن الحسن بن جعفر العلوی۔

جرح وتعدیل

زبیر بن بکار نے کہا اہل مدینہ کا فقیہ تھا۔

ابو زرعہ اور ابو حاتم نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابو العباس السراج نے کہا کہ ابو مصعب سنت اور احکام کے امام تھے۔

دار قطنی کہتے ہیں کہ ابو مصعب مؤطا کی روایت میں ثقہ ہیں۔

امام حاکم کہتے ہیں کہ فقیہ تھا اور اہل مدینہ کے مذاہب کا عالم تھا۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی کہتے ہی کہ مجھے معلوم نہیں ہوا کہ ابو خیثمہ نے اپنے صاحبزادے احمد کو یہ کیوں کہا تھا کہ تم ابو مصعب کے حوالے سے احادیث مت لکھو اور جس حوالے سے چاہے لکھ لو۔

ذہبی نے کہا کہ مدینہ کا قاضی اور ان کا عالم ہے، ثقہ امام اور دار الہجرہ کا شیخ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ مدنی فقیہ صدوق، دسویں طبقہ کا راوی ہے۔

ان کی وفات 242ہجری میں ہوئی۔

18. **احمد بن ثابت الجحدری**[1] (ق)

روی عن : احمد بن اسحاق الحضرمی، ازہر بن سعد السمان، بشر بن الحسن البصری، سفیان بن عیینہ، صفوان ابن عیسی الزہری، عبد الرحمن بن مہدی، عبد الوہاب بن عبد المجید الثقفی، عمر بن علی المقدمی، عمیر بن

1۔ الثقات 8/42، تہذیب الکمال 1/281ح18، الکاشف 1/191ح14، تذہیب التہذیب 1/134ح18، تہذیب التہذیب 1/24ح22، تقریب التہذیب 1/36ح18۔

عبد المجید الحنفی، محمد بن جعفر، غندر، محمد بن خالد ابن عثمہ، محمد بن ابو عدی، معاذ بن ہشام الدستوائی، مغیرہ بن سلمہ، نضر بن کثیر السعدی، وکیع بن الجراح، یحییٰ بن سعید القطان، یعقوب بن اسحاق الحضرمی۔

روی عنہ : ابن ماجہ، احمد بن محمد بن صدقہ البغدادی، جعفر بن محمد ابن المغلس، حسن بن علی بن دلویہ، حسین بن اسحاق بن ابراہیم العجلی، حسین بن محمد بن مودود ابو عروبہ الحرانی، عبد اللہ بن ابو داود السجستانی، عبد اللہ بن عروہ الہروی، علی بن احمد بن سلیمان القافلائی، عمر بن محمد بن بجیر البجیری، ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ، محمد بن اسماعیل البخاری (تاریخ الکبیر) ، محمد بن صالح بن الولید النرسی، محمد بن العباس بن ایوب الاصبہانی (الاخرم) ، محمد بن یحییٰ بن مندہ العبدی الاصبہانی (الحافظ ابو عبد اللہ محمد بن اسحاق بن محمد بن یحییٰ بن مندہ کے دادا)، یحییٰ بن محمد بن صاعد۔

جرح وتعدیل

ابن حبان نے انہیں کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے اور انہیں مستقیم الحدیث کہا ہے۔

ابن حجر نے انہیں دسویں طبقہ کا صدوق راوی کہا ہے۔

19. **احمد بن جعفر المقریء**[1] (م)

روی عن : اسماعیل بن عبد الکریم بن معقل بن منبہ، النضر بن محمد الجرشی۔

روی عنہ : مسلم، ابو محمد جعفر بن احمد بن محبوب الربعی المکی، ابن بنت الحسن بن عمران بن عیینہ، محمد بن احمد بن زہیر القیسی الطوسی، محمد بن اسحاق بن العباس الفاکہی المکی، المفضل بن محمد بن ابراہیم الشعبی الجندی۔

جرح وتعدیل

ابن حبان نے انہیں الثقات میں ذکر کیا ہے اور مستقیم الحدیث کہا ہے۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا مقبول راوی کہا ہے۔

1۔ الثقات 8/37، تہذیب الکمال 1/282ح19، الکاشف 1/191ح15، تذہیب التہذیب 1/135ح19، تہذیب التہذیب 1/24ح24، تقریب التہذیب 1/36ح19۔

20. **احمد بن جناب بن المغیرہ المصیصی**[1] (م، د، س)

روی عن : الحکم بن ظہیر الفزاری، خالد بن یزید بن اسد بن عبد اللہ القسری، عبد اللہ بن عبد الرحمن، یقال: عبد الرحمن بن عبد الرحمن، عیسی بن یونس بن ابو اسحاق السبیعی۔

روی عنہ : مسلم، ابو داود، ابراہیم بن سعید الجوہری، ابراہیم بن ہانی النیشاپوری، احمد بن الحسن بن عبد الجبار الصوفی، احمد بن سعید بن شاہین البغدادی، ابو یعلی احمد بن علی المثنی الموصلی، احمد بن علی بن مسلم الابار، احمد بن محمد بن حنبل، احمد بن منصور المروزی (زاج)، احمد بن ملاعب بن حیان البغدادی الحافظ، جعفر بن محمد ابن کزال، جنید ابن حکیم الدقاق، الحسن بن الفضل بن السمح البوصرائی، صالح بن احمد بن ابو مقاتل البغدادی، عباس بن محمد بن حاتم الدوری، عبد اللہ بن احمد بن محمد بن حنبل، عبد اللہ بن محمد بن ابو الدنیا، ابو زرعہ عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، عثمان بن عبد اللہ بن خرزاد الانطاکی، علی بن الحسن بن ابو مریم، عمر بن شبہ بن عبیدہ الرازی البصری، عیاش بن محمد بن عیسی الجوہری، محمد بن سوید الطحان، محمد بن طاہر بن ابو الدمیک، ابو یحییٰ محمد بن عبد الرحیم البزاز المعروف بصاعقہ، محمد بن عبدوس بن کامل السراج، محمد بن ہشام بن ابو الدمیک المستملی، محمد بن یعقوب ابن الفرجی الصوفی، یحییٰ بن اسحاق بن سافری، یحییٰ بن معلی بن منصور الرازی، یعقوب بن شیبہ السدوسی، یعقوب بن یوسف المطوعی۔

جرح وتعدیل

ابو حاتم نے کہا کہ صدوق ہے۔

صالح جزرہ نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

امام حاکم نے کہا کہ ثقہ ہے۔

1۔الجرح والتعدیل2/45ح27، الثقات 8/17، تاریخ بغداد 5/123ح1974، تہذیب الکمال 1/278، الکاشف 1/191ح16، سیر اعلام النبلاء 11/436، تذکرۃ الحفاظ 2/482، تذہیب التہذیب، 1/135ح20، تقریب التہذیب 1/36ح20، تہذیب التہذیب 1/25ح25۔

ذہبی نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا صدوق راوی کہا ہے۔

21. **احمد بن جواس الحنفی**[1] (م،د)

روی عن : ابراہیم بن سلیمان الحنفی، بکر بن محمد العابد، جریر بن عبد الحمید الضبی، حباب، سفیان بن عیینہ، سلام بن سلیم الحنفی، عبد اللہ بن ادریس، عبد اللہ بن المبارک، عبید اللہ بن عبید الرحمن الاشجعی، عثمان بن مزاحم، محمد بن خازم، محمد ابن عبد الوہاب القناد، محمد بن الفضل بن مہلہل، مسافر القرشی، نوفل بن مطہر الضبی، ابو بکر بن عیاش۔

روی عنہ : مسلم، ابو داود، ابراہیم بن ابو بکر بن ابوشیبہ، احمد بن عیسی بن مخلد الکلابی، احمد بن محمد بن ہانی الاثرم، حسن بن سفیان النسوی، حسن بن الصباح البزار، حسن بن علی بن شبیب المعمری، سری بن یحیٰی بن السری، عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، محمد بن صالح بن ذریح، محمد بن عبد اللہ بن سلیمان الحضرمی، محمد بن عبد الغفار الہمذانی، محمد بن عبدوس بن کامل السراج، محمد بن مسلم ابن وارہ الرازی، یوسف بن اسحاق بن الحجاج۔

جرح وتعدیل

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں ذکر کیا ہے۔

بقی مخلد نے اسے ثقہ کہا ہے۔

مطین نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ دسویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے۔

1۔ الجرح والتعدیل 2/24، الثقات 8/20، تاریخ بغداد 4/77، تہذیب الکمال 1/285ح21، الکاشف 1/192ح17، سیر اعلام النبلاء 11/37، تذہیب التہذیب 1/135ح21، تہذیب التہذیب 1/25ح26، تقریب التہذیب 1/36ح21، الوافی بالوفیات 6/294۔

22. احمد بن جواس الاستوائی[1] (تمیز)

روی عن:

احمد بن عبد اللہ بن یونس الیر بوعی الکوفی، اسماعیل بن ابو اویس المدنی، یحییٰ بن یحییٰ النیشاپوری۔

روی عنہ : عبد اللہ بن محمد بن الحسن بن الشرقی، موسی ابن العباس الجوینی۔

جرح وتعدیل

امام حاکم نے اس کا ذکر تاریخ نیشاپور میں کیا ہے۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا مقبول راوی کہا ہے۔

23. احمد بن الحجاج البکری[2] (خ)

روی عن: ابو ضمرہ انس بن عیاض اللیثی، حاتم بن اسماعیل المدنی، سفیان بن عیینہ، عبد اللہ بن المبارک، عبد الرحمن بن سعد بن عمار المؤذن، عبد الرحمن بن مہدی، عبد العزیز ابن ابو حازم، عبد العزیز بن محمد الدراوردی، الفضل بن موسی السینانی، موسی بن شیبہ بن عمرو بن عبد اللہ بن کعب بن مالک الانصاری۔

روی عنہ : بخاری، ابراہیم بن اسحاق الحربی، احمد بن ابو خیثمہ زہیر بن حرب، ابو بکر احمد بن محمد بن ہانی الطائی الاثرم، احمد بن منصور الرمادی، جعفر بن محمد بن شاکر الصائغ، داود ابن سلیمان العسکری، عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی، علی بن عبد العزیز البغوی، محمد بن ایوب بن یحییٰ ابن الضریس الرازی، محمد بن علی الوراق[3] المعروف بحمدان، محمد بن یحییٰ بن عبد الکریم الازدی، ابو عیسی موسی بن ہارون الطوسی۔

جرح وتعدیل

1۔ تہذیب الکمال 1/287ح22، تذہیب1/136ح، تہذیب التہذیب 1/25ح2722، تقریب التہذیب 1/37ح22۔

2۔ تاریخ الکبیر بخاری2/3ح1489، الجرح والتعدیل2/45ح30، الثقات 8/6، تاریخ بغداد5/187ح2051، تہذیب الکمال 1/287ح23، الکاشف 1/192ح18، تذہیب التہذیب1/136ح22، تہذیب التہذیب 1/26ح28، تقریب التہذیب1/37ح22۔

3۔ مطبوعہ میں اس کا نام غلطی سے "محمد بن علی الوارق" ہے، جس کی تصحیح کر دی گئی ہے۔

ابن ابو خیثمہ نے کہا کہ سچا انسان ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر کتاب الثقات میں کیا ہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا ثقہ راوی کہا ہے۔

24. **احمد بن حرب بن محمد بن علی**[1] (س)

روی عن : اسباط بن محمد القرشی ، اسماعیل بن علیہ ، انس بن عیاض اللیثی ، حرب بن محمد الطائی، زید بن الحباب العکلی ، سفیان بن عیینہ ، عبد اللہ بن ادریس ، عبد الرحمن بن محمد المحاربی ، عبد المجید بن عبد العزیز بن ابو رواد ، عمر بن سعد الحفری ، قاسم بن یزید الجرمی ، محمد بن خازم ، محمد بن ربیعہ الکلابی ، محمد بن عبید الطنافسی ، محمد بن فضیل بن غزوان ، معافی بن عمران الموصلی ، یحییٰ بن سلیم الطائفی ، یحییٰ بن یمان۔

روی عنہ : النسائی ، احمد بن عبد اللہ الشعرانی ، احمد بن عبد الرحمن ابن الجارود ، احمد بن محمد بن صدقہ البغدادی ، حیان بن بشر بن حیان ، عباس بن یوسف بن اسماعیل ، عبد اللہ بن احمد بن معدان الغزاء ، عبد اللہ بن ابو داود ، عبد اللہ بن محمد بن جعفر القاضی ، عبد اللہ بن محمد بن مسلم الاسفراینی ، عبد اللہ بن محمد بن وہب الدینوری ، عبد الرحمن بن عبید اللہ بن احمد الاسدی الحلبی ، عبد الرحمن بن عبید اللہ بن عبد العزیز الہاشمی ، عتیق ابن عبد اللہ الاذنی ، علی بن حرب الطائی ، قیس بن مسلم الخولانی ، محمد بن عبد اللہ بن عبد السلام مکحول البیروتی۔

جرح وتعدیل

نسائی کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

عبد الرحمان بن ابو حاتم کہتے ہیں کہ صدوق ہے۔

ازدی، تاریخ موصل میں لکھتے ہیں کہ اسماعیل بن ابراہیم بن علیہ (ابن علیہ) سے اس کا سماع نہیں ہے۔

1۔ الجرح والتعدیل 2/33ح44، الثقات 8/39، تہذیب الکمال 1/288ح24، سئیر اعلام النبلاء 12/253، الکاشف 1/192ح19، تذہیب التہذیب 1/136ح24، تہذیب التہذیب 1/26ح29، تقریب التہذیب التہذیب 1/37ح24۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ یہ صدوق ہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا صدوق راوی کہا ہے۔

25. **احمد بن الحسن بن جنیدب الترمذی**[1] (خ،ت)

روی عن : احمد بن محمد بن حنبل، آدم بن ابو ایاس العسقلانی، الاسود بن عامر (شاذان)، اصبغ بن الفرج المصری، حجاج بن ابراہیم الازرق، حجاج بن نصیر الفساطیطی، حسن بن بشر البجلی، حسن بن الربیع البورانی، ربیع بن روح الحمصی، ربیع بن نافع الحلبی، سعید بن الحکم بن ابو مریم، سعید بن کثیر بن عفیر، سلیمان بن داود الہاشمی، سلیمان بن عبد الرحمن الدمشقی، ضحاک بن مخلد، عبد اللہ بن صالح المصری، عبد اللہ بن مسلمہ القعنبی، عبد اللہ بن نافع الصائغ المدنی، عبد الملک بن ابراہیم الجدی، عبید اللہ بن موسی العبسی الکوفی، علی بن عیاش الحمصی، عمرو بن عاصم الکلابی، فضل بن دکین، قبیس بن حفص الدارمی، محمد بن عبد اللہ الانصاری، محمد بن عثمان التنوخی، محمد بن عرعرہ بن البرند، محمد بن عیسی ابن الطباع، محمد بن الفضل السدوسی، محمد بن مصعب القرقسانی، محمد بن موسی بن بزیع، محمد بن یوسف الفریابی، معقل بن مالک الباہلی، معلی ابن اسد العمی، موسی بن اسماعیل التبوکی، نعیم بن حماد، ہاشم بن القاسم، وضاح بن یحیٰی النہشلی، یحیٰی بن سلیمان الجعفی، یحیٰی بن صالح الوحاظی، یزید بن عبد ربہ الحمصی، یعلی بن عبید الطنافسی۔

روی عنہ : البخاری، الترمذی، ابراہیم بن ابو طالب النیشاپوری، احمد بن علی بن مسلم الابار، احمد بن محمد بن شوذب البلخی، اسحاق بن احمد الفارسی، جعفر بن احمد بن نصر، جعفر بن محمد بن الحسن بن المستفاض، عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، عثمان بن خرزاذ الانطاکی، محمد بن ادریس الرازی، محمد ابن اسحاق بن خزیمہ، محمد بن اسحاق بن العباس الفاکہی، محمد بن جریر الطبری، محمد بن حمدویہ المروزی، محمد بن اللیث بن حفص المروزی، محمد بن المنذر بن عبد العزیز، محمد بن النضر الجارودی، محمد بن یحیٰی بن خلاد۔

1۔ الثقات 8/27، تہذیب الکمال 1/290، سئیر اعلام النبلاء، الکاشف 1/192ح20، تذہیب 1/137ح25، تقریب التہذیب 1/37ح25، تہذیب التہذیب 1/27ح31، الوافی بالوفیات، طبقات الحفاظ

جرح وتعدیل

ابو حاتم نے کہا کہ صدوق ہے۔

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں میں ذکر کیا ہے۔

حاکم کہتے ہیں ان سے بہت سارے مشائخ نے روایت لی ہے اور ان سے علل اور جرح کے حوالے سے پوچھا جاتا تھا۔

ذہبی نے کہا کہ امام حافظ اور فقیہ تھے۔ علل اور رجال میں بصیرت رکھتے تھے اور اصحاب احمد بن حنبل میں سے تھے۔

ابن حجر نے انہیں گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ کہا ہے۔

26. **احمد بن الحسن بن خراش البغدادی**[1] (م،ت)

روی عن : احمد بن اسحاق الحضرمی، حبان بن ہلال، حجاج بن منہال الانماطی، شبابہ بن سوار الفزاری، عبد اللہ بن عمرو بن ابو الحجاج المنقری، عبد الرحمن بن مہدی، عبد الصمد بن عبد الوارث، عبد الملک بن عمرو، علی ابن المدینی، عمر بن عبد الوہاب الریاحی، عمرو بن عاصم الکلابی، عمرو بن مرزوق الباہلی، فضل بن دکین، محبوب بن الجہم، محمد بن خالد بن عثمہ، مسلم بن ابراہیم الازدی، معقل بن مالک الباہلی، موسی بن اسماعیل، وہب بن جریر بن حازم۔

روی عنہ : مسلم، الترمذی، احمد بن الحسین بن اسحاق الصوفی الصغیر، احمد بن ابو عوف، حسین بن محمد بن حاتم بن یزید، عبد اللہ بن احمد بن حنبل، محمد بن اسحاق بن ابراہیم السراج، محمد بن ہارون بن حمید ابن المجدر۔

جرح وتعدیل

1۔الجرح والتعدیل 2/48ح42، الثقات 8/27، تہذیب الکمال 1/293ح26، تاریخ بغداد 5/125ح1978، سیر اعلام النبلاء 12/157، الکاشف 1/192ح21، تذہیب التہذیب 1/138ح26، تہذیب التہذیب 1/27ح32، تقریب التہذیب 1/38ح26۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق ہے۔

27. **احمد بن حفص بن عبد اللہ بن راشد**[1] (خ،د،س)

روی عن : ابراہیم بن سلیمان الزیات، احمد بن الحکم بن سنان، احمد بن ابو رجاء، جارود بن یزید، حسین بن الولید القرشی، حفص بن عبد اللہ السلمی، سعید بن الصباح النیشاپوری، عبد اللہ بن عثمان بن جبلہ، یحییٰ بن یحییٰ النیشاپوری۔

روی عنہ : البخاری، ابو داود، النسائی، ابراہیم بن ابو طالب، احمد بن علی بن مسلم الابار، احمد بن محمد بن حامد الطوسی، احمد بن محمد بن الحسن بن الشرقی، احمد بن محمد بن عبدوس، احمد بن محمد بن یحییٰ البزاز، زکریا بن یحییٰ السجزی، زید بن یحییٰ بن الحسین العامری، سلمہ بن النضر القشیری، صالح بن محمد الجزرہ، صالح بن نوح بن منصور، عبد اللہ بن ابو داود السجستانی، عبد اللہ بن العباس الطیالسی، عبد اللہ بن محمد بن الحسن بن الشرقی، عبد اللہ بن محمد بن زیاد النیشاپوری، عبد اللہ بن محمد بن عمرو النصر آباذی، عبد اللہ بن ہاشم السمسار، عبد الرحمن بن یوسف بن خراش، محمد بن ادریس الرازی، محمد بن اسحاق بن خزیمہ، مسلم بن الحجاج (صحیح مسلم کے علاوہ)، نصر بن احمد بن نصر الکندی، یعقوب بن اسحاق الاسفرائینی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں صدوق اور قلیل الحدیث ہے۔ نسائی نے اپنے شیوخ کے ناموں میں اسے ثقہ کہا ہے، مسلمہ بن قاسم نے بھی یہی کہا ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

1۔ الجرح والتعدیل2/48، تہذیب الکمال 1/، سیر اعلام النبلاء12/383، الکاشف 1/192ح22، تذہیب التہذیب1/138ح27 1/137ح، تہذیب التہذیب 1/28ح33، تقریب التہذیب 1/38ح27۔

- **احمد بن الحکم البصری (احمد بن عبد اللہ بن الحکم بن الکردی)**

یہ احمد بن عبد اللہ بن الحکم ابن الکردی ہے۔

28. احمد بن حماد بن مسلم بن عبد اللہ بن عمرو التجیبی[1] (س)

روی عن : روح بن صلاح، زہیر بن عباد الرؤاسی، وکیع بن الجراح، سعید بن الحکم بن ابو مریم، سعید بن کثیر بن عفیر، عبد الغفار بن داود بن مہران، محمد ابن روح العنبری، موسی بن ناصح، یحیٰی بن عبد اللہ بن بکیر۔

روی عنہ : النسائی، احمد بن القاسم بن عبد الرحمن، احمد بن محمد بن معاویہ بن ہشام المصری، عبد الغفار بن داود الحرانی، احمد بن محمد بن ابو الموت، اسحاق بن ابراہیم بن ہاشم الاذرعی، حسن بن رشیق العسکری، سلیمان بن احمد الطبرانی، عبد الرحمن بن احمد بن یونس بن عبد الاعلی، عبد الرحمن بن داود بن منصور، عبد المؤمن بن خلف النسفی، محمد بن احمد المعیطی المصری، محمد بن القاسم بن محمد بن سیار، محمد بن ہارون بن شعیب الانصاری، مروان بن عبد الملک الاندلسی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ صالح ہے۔

ابن یونس نے کہا کہ ثقہ مامون ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ثقہ مامون ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

29. احمد بن حمید الطریثیثی[1] (خ، سی)

1۔ تہذیب الکمال 1/296ح28، سئیر اعلام النبلاء 13/533، الکاشف 1/192ح123، تذہیب التہذیب 1/139ح28، تہذیب التہذیب 1/28ح36، تقریب التہذیب 1/38ح28۔

روی عن : حفص بن غیاث النخعی ،حماد بن اسامہ،عبد اللہ بن ادریس،عبد اللہ بن المبارک،عبد اللہ بن نمیر ، عبد الرحیم بن سلیمان ، عبید اللہ بن عبید الرحمن الاشجعی ، قاسم بن معن المسعودی، محمد بن بشر العبدی، محمد ابن جعفر غندر، محمد بن فضیل بن غزوان، معاویہ بن ہشام القصار، یحییٰ بن زکریا بن ابو زائدہ ،ابو بکر بن عیاش۔

روی عنہ : البخاری، احمد بن محمد ابن الاصفر، احمد بن محمد ابن المعلی، حنبل بن اسحاق بن حنبل، احمد بن محمد بن حنبل، عباس بن محمد الدوری، عبد اللہ بن سعید الاشج، عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی، محمد بن اسماعیل بن یوسف الترمذی، محمد بن ابو خالد الصومعی، محمد بن یحییٰ بن کثیر الحرانی، محمد بن یزید الآدمی ، یحییٰ بن عبد الحمید الحمانی، ابو حاتم الرازی۔

جرح وتعدیل

عجلی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابو حاتم نے کہا کہ یہ ثقہ ہے اور میں اس سے رازی ہوں۔

مطین نے کہا کہ کوفہ کے حفاظ میں سے تھا اور ثقہ ہے۔

ابن حبان نے اسے الثقات میں ذکر کیا ہے۔

احمد بن صالح مصری نے کہا کہ ثقہ ہے۔

خطیب بغدادی نے کہا کہ کوفہ کے حفاظ میں سے ہے اور اس کو ثبت مانا گیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ دسویں طبقہ کا ثقہ حافظ راوی ہے۔

- **احمد بن ابی الحواری**

1۔ ثقات العجلی 1/191ح1، الجرح والتعدیل 2/46ح31، تہذیب الکمال 1/298ح29، سیر اعلام النبلاء 10/509، الکاشف 1/192ح24، تذہیب التہذیب 1/139ح29، تہذیب التہذیب 1/29ح37، تقریب التہذیب 1/38ح29۔

یہ احمد بن عبد اللہ بن میمون ہے۔

30. **احمد بن خالد بن موسیٰ** [1] (ز،4)

روی عن : اسرائیل بن یونس ، شیبان بن عبد الرحمن النحوی ، عبد الرحمن بن عبد اللہ المسعودی، عبد العزیز بن عبد اللہ بن ابو سلمہ الماجشون ، عبد الملک بن مسلم بن سلام ، قیس بن الربیع، محمد بن اسحاق بن یسار، یونس بن ابو اسحاق السبیعی۔

روی عنہ : البخاری (ادب المفرد اور قراءہ خلف الامام)، ابراہیم بن ابو داود البرلسی، احمد بن عبد الوہاب ابن نجدہ الحوطی ، احمد بن علی بن یوسف الخراز ، حمید بن زنجویہ النسائی، سعید بن عثمان التنوخی، سلمہ بن شبیب النیشاپوری ، شعیب بن شعیب بن اسحاق الدمشقی ، صفوان بن عمرو الحمصی الصغیر ، عباس بن الفرج الریاشی ، عبد الرحمن بن عمرو النضری ، عبید اللہ بن فضالہ بن ابراہیم ، عمرو بن عثمان بن عید بن کثیر ، عمران بن بکار الکلاعی ، محمد بن خالد بن خلی الحمصی، محمد بن ابو خالد الصومعی، محمد بن عوف بن سفیان الطائی ، محمد بن المصفی بن بہلول ، محمد بن یحییٰ الذہلی ، موسی بن عیسی بن المنذر الحمصی، ہانی بن النضر بن حبیب الازدی، یحییٰ بن عثمان بن سعید ابن کثیر ۔

جرح وتعدیل

یحییٰ بن معین نے کہا کہ ثقہ ہے۔

دار قطنی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابن خزیمہ نے اس سے اپنی صحیح میں روایت لی ہے۔

ابن حبان نے اسے الثقات میں ذکر کیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

1۔ تاریخ الکبیر بخاری2/2ح1482، الجرح والتعدیل 2/49ح46، الثقات 8/6، تہذیب الکمال 1/299ح30، سیر اعلام النبلاء9/539، الکاشف 1/193ح25، تذہیب التہذیب 1/140ح30، تہذیب التہذیب 1/30ح39، تقریب التہذیب التہذیب 1/39ح30۔

31. **احمد بن خالد الخلال**[1] (ت، س)

روی عن: احمد بن عبد الملک بن واقد، اسحاق بن یوسف ازرق، اسماعیل بن علیہ، حسن بن بشر، حسین بن حسن بن عطیہ عوفی، سفیان بن عیینہ، شبابہ بن سوار، شعیب بن حرب، عباس بن صالح، عبد اللہ بن صالح عجلی، عبد اللہ بن محمد انصاری بیاضی، عثمان بن عمر بن فارس، عمرو بن ہیثم بصری، فضل بن عنبسہ، محمد بن ادریس الشافعی، محمد بن سابق بزاز، محمد بن عبید الطنافسی، مخلد بن خالد الشعیری، معن بن عیسیٰ قزاز، موسیٰ بن داود ضبی، یحییٰ بن اسحاق سیلحینی، یزید بن ہارون۔

روی عنہ: ترمذی، نسائی، ابراہیم بن یوسف بن خالد، احمد بن علی بن ابار، احمد بن محمد بن مسروق، جعفر بن محمد بن حسن فریابی، حسین بن ادریس ہروی، عبد اللہ بن احمد بن حنبل، عمر بن عبد اللہ بن عمرو، عمر بن محمد بن بجیر، قاسیم بن سعید رصافی، محمد بن احمد بن براء، محمد بن ادریس الرازی، محمد بن عباس بن ایوب اخرم، یعقوب بن سفیان فارسی۔

جرح وتعدیل

عجلی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابو حاتم نے کہا کہ اچھائی والا تھا، عادل تھا ثقہ صدوق ہے میں اس سے راضی ہوں۔

ابو زرعہ نے کہا کہ میں نے اسے دیکھا ہے لیکن اس سے کچھ لکھا نہیں ہے۔

ابن خراش نے کہا کہ صالح تھا۔

دارقطنی نے کہا کہ ثقہ نبیل تھا۔

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ابو داود نے کہا کہ ثقہ ہے لیکن میں نے اس سے حدیث کا سماع نہیں کیا۔

1۔ ثقات العجلی 1/192ح2، الجرح والتعدیل 2/49ح47، الثقات 8/42، تاریخ بغداد 5/206ح2071، تہذیب الکمال 1/302، سیر اعلام النبلاء 11/531، الکاشف 1/193ح26، تذہیب 1/140ح31، تقریب 1/39ح31، تہذیب 1/30ح40

امام حاکم نے کہا کہ فقہاء میں سے تھا۔

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں ذکر کیا ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ دسویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے۔

32. احمد بن الخلیل البغدادی[1] (س)

روی عن : حجاج بن محمد المصیصی ، خالد بن مخلد القطوانی ، خلف بن تمیم الکوفی ، خلیل بن زکریا الشیبانی، روح بن عبادہ القیسی ، زکریا بن عدی الکوفی ، سورہ ابن الحکم القاضی ، عبید اللہ بن موسی العبسی ، علی بن عاصم الواسطی، معاویہ بن عمرو الازدی، ہاشم بن القاسم ، یحییٰ بن ایوب المقابری، یزید بن ہارون، یونس ابن محمد المؤدب۔

روی عنہ :نسائی ، ابراہیم بن ابو طالب ، جعفر بن احمد الشاماتی، حسین بن محمد بن زیاد القبائی، حمویہ بن الحسین بن معاذ النیشاپوری، زکریا ابن داود الخفاف، عبدان بن احمد الاہوازی، علی بن الحسین بن حبان ، محمد بن اسحاق بن خزیمہ ، محمد بن سلیمان بن خالد العبدی ، محمد بن عبد اللہ بن سلیمان الحضرمی، محمد بن علی بن عمر المذکر، یعقوب بن سفیان الفارسی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابو یحییٰ خفاف نے کہا کہ ثقہ ہے۔

امام حاکم نے کہا کہ ثقہ مامون ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر اپنی الثقات میں کیا ہے۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا ثقہ راوی کہا ہے۔

1۔ الثقات 8/29، تاریخ بغداد 5/212ح2076، تہذیب الکمال 1/302ح32، سیر اعلام النبلاء 11/531، میزان الاعتدال، تذہیب التہذیب 1/141ح32، تہذیب التہذیب 1/30ح41، تقریب التہذیب 1/40ح32۔

33. **احمد بن الخلیل بن ثابت**[1] (تمیز)

روی عن : اسود بن عامر شاذان، حسن بن موسی الاشیب، خلف بن تمیم، محمد بن عمر الواقدی، ہاشم بن القاسم، یونس بن محمد المؤدب۔

روی عنہ : احمد بن سلمان بن الحسن النجاد، عبد اللہ بن اسحاق البغوی، عثمان بن احمد بن الد قاق، محمد بن جعفر بن الہیثم الانباری، محمد بن عمرو ابن البختری الرزاز۔

جرح وتعدیل

خطیب بغدادی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

34. **احمد بن الخلیل بن حرب بن عبد اللہ بن سوار**[2] (تمیز)

روی عن : جعفر بن جسر بن فرقد، خالد بن مخلد القطوانی، سعید بن سلام العطار، عبد اللہ بن مسلمہ القعنبی، عبد اللہ بن یزید المقریء، عبد الملک بن قریب الاصمعی، عبید اللہ بن موسی العبسی، علی بن الحسن بن شقیق، علی بن ابو ہاشم بن طبراخ، محمد بن عبد اللہ الانصاری، مسلم بن ابراہیم الازدی، معلی بن اسد العمی، ہاشم بن القاسم، یحییٰ بن یحییٰ النیشاپوری۔

1۔ تاریخ بغداد 5/218ح2078، تہذیب الکمال 1/302، سئیر اعلام النبلاء 13/269، الکاشف 1/193ح27، تذہیب التہذیب 1/141ح33، تہذیب التہذیب 1/31ح42، تقریب التہذیب التہذیب 1/39ح33۔

2۔ ضعفاء دارقطنی ص 131ح72، الجرح والتعدیل 2/50ح49، تہذیب الکمال 1/305ح34، میزان الاعتدال 1/96ح367، ضعفاء ابن جوزی 1/70ح176، سیر اعلام النبلاء 11/531، دیوان الضعفاء ص 4ح34، المغنی 1/65ح281،، تذہیب التہذیب 1/141ح34، تہذیب التہذٰب 1/32ح43، تقریب التہذیب التہذیب 1/40ح34۔

روی عنہ: احمد بن محمد بن یزید الزہری، عمر بن عبد اللہ بن الحسن، محمد بن الحسن بن الفرج، یحییٰ بن زکریا ابن یحییٰ بن حیویہ، یحییٰ بن عبد الاعظم القزوینی۔

جرح وتعدیل

ابوزرعہ نے اسے ضعیف کہاہے۔

ابوحاتم نے کہاکہ کذاب ہے۔

دارقطنی نے کہاکہ ضعیف ہے۔

ابن حجر نے امام ابوحاتم کے قول کی طرف رجوع کیاہے اور اسے گیارہویں طبقہ کا کہاہے۔

35. **احمد بن خلاد**[1] (عخ)

روی عن:

روی عنہ: محمد بن عبد اللہ بن مبارک۔

جرح وتعدیل

بخاری نے اس سے کتاب خلق افعال العباد میں روایت لی ہے لیکن اسے اپنی تاریخ میں ذکر نہیں کیا۔ ممکن ہے کہ احمد بن خالد الخلال ہو۔

ابن حجر نے کہاکہ یزید بن ہارون سے روایت کرتاہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے ابن خالد الخلال مراد ہو۔

- **احمد بن داود المنادی (محمد بن عبید اللہ بن یزید المنادی)**،(خ)

یہ محمد بن عبید اللہ بن یزید المنادی ہے۔

- **احمد بن ابی رجاء المقریء** (احمد بن نصر بن شاکر)

1۔ تہذیب الکمال 1/302ح35، تذہیب التہذیب 1/142ح35، تہذیب التہذیب 1/32ح44،تقریب التہذیب 1/40ح35۔

یہ احمد بن عبد اللہ بن ایوب ہے۔

- **احمد بن ابی رجاء الہروی (احمد بن عبد اللہ بن ایوب)**،(خ)

یہ احمد بن عبد اللہ بن ایوب ہے

- **احمد بن سریج الرازی (احمد بن الصباح)**

یہ احمد بن الصباح ہے۔

36. **احمد بن سعد بن الحکم بن محمد بن سالم**[1] (د،س)

روی عن : اسد بن موسی، اسماعیل بن ابو اویس، بکر بن خلف ختن، حبیب بن ابو حبیب کاتب مالک ، حسن بن الربیع البجلی، حکم بن نافع البہرانی، خلف بن خالد القرشی، سعید بن الحکم بن ابو مریم، عبد اللہ بن محمد بن اسماء، عبد الغفار بن داود، عثمان بن سعید بن مرہ، علاء بن الفضل بن عبد الملک، قدامہ بن محمد الخشرمی، نعیم بن حماد، یحیٰی ابن عبد اللہ بن بکیر، یحیٰی بن معین۔

روی عنہ : ابو داود، النسائی، زکریا بن یحیٰی الحلوانی، عباس بن محمد البصری، عبد اللہ بن محمد بن وہب الدینوری، علی بن احمد بن سلیمان البزاز، علی بن سراج المصری، عمر بن محمد بن بجیر، محمد بن محمد بن سلیمان الباغندی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

مسلمہ بن قاسم اندلسی نے بھی اسے ثقہ کہا ہے۔

ابو عمر الکندی نے کتاب الموالی میں لکھا ہے کہ یہ اہل علم میں سے تھا اس نے سفر اور تصنیف کی۔ اس سے بقی بن مخلد نے روایت کی ہے جو ثقہ کے علاوہ کسی سے روایت نہیں کرتا۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

1۔ تہذیب الکمال 1/302، سئیر اعلام النبلاء12/311، الکاشف 1/193ح28، تذہیب 1/142ح36، تقریب 1/41ح36، تہذیب 1/33ح51

37. **احمد بن سعید بن ابراہیم الرباطی**[1] (خ،م،د،ت،س)

روی عن : احوص بن جواب، اسحاق بن منصور السلولی، جعفر بن عون، حبان بن ہلال، حفص بن عمر العدنی، روح بن عبادہ، سعید بن عامر الضبعی، سلیمان بن داود الطیالسی، صدقہ بن سابق الکوفی، عبد الرحمن بن عبد اللہ بن سعد الدشتکی، عبد الرزاق بن ہمام، عبید اللہ بن موسی العبسی علاء بن عصیم الجعفی، محمد بن عبد اللہ بن الزبیر الزبیری، نضر بن شمیل، ہاشم بن القاسم، وکیع ابن الجراح، وہب بن جریر بن حازم، یحییٰ بن الحارث الطائی، یعقوب بن ابراہیم بن سعد الزہری، یونس بن محمد المؤدب۔

روی عنہ : الجماعہ سوی ابن ماجہ، ابراہیم بن ابو طالب، احمد بن سلمہ النیشاپوری، الحسن بن علی بن مخلد، الحسین بن محمد بن زیاد القبانی، محمد بن اسحاق بن ابراہیم الثقفی السراج، و محمد بن اسحاق بن خزیمہ۔

جرح و تعدیل

ابو حاتم نے کہا کے میں نے اسے دیکھا ہے لیکن اس سے حدیث نہیں لی۔

نسائی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن خراش نے کہا کہ ثقہ ہے۔

خلیلی نے کہا کہ ثقہ عالم حافظ اور متقن ہے۔

خطیب نے کہا کہ امام احمد کے دور میں بغداد آئے اور علماء و ذاکرین کے ساتھ مجلس کی۔ ثقہ عالم فاضل اور فہم والے تھے۔

ذہبی نے کہا کہ امام حافظ حجت ہے۔

ابن حجر نے کہا کہ گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ ہے۔

38. **احمد بن سعید بن بشر بن عبید اللہ**[1] (د)

1۔ تاریخ الکبیر بخاری 2/6ح1511، الجرح والتعدیل 2/54ح65، الثقات 8/42، تاریخ بغداد 5/271ح2114، تہذیب الکمال 1/310، سئیر اعلام النبلاء 12/207، الکاشف 1/193ح30، تذہیب 1/143ح37، تقریب 1/41ح37، تہذیب 1/33ح52، الوافی بالوفیات 6/390، طبقات الحفاظ

روی عن : اسحاق بن الفرات التجیبی ، اصبغ بن الفرج المصری ، بشر بن بکر التنیسی ، زید بن الحسن البصری، عبد اللہ بن محمد بن المغیرہ المخزومی، عبد اللہ بن وہب ، عبد الرحمن بن زیاد الرصاصی ، محمد بن ادریس الشافعی، معلی بن منصور الرازی، میمون بن یحییٰ بن مسلم ابن الاشج۔

روی عنہ: ابو داود ، ابراہیم بن عبد اللہ بن معدان الاصبہانی ، ابراہیم بن محمد بن الحسن بن متویہ الاصبہانی، احمد بن عبد اللہ بن العباس الطائی البغدادی، احمد بن محمد بن موسی المکی المعروف بابن شابان ، احمد بن یحییٰ بن زکریا الصواف المصری، زکریا بن یحییٰ الساجی البصری، عبد اللہ بن ابو داود السجستانی، عبد اللہ بن محمد بن وہب الدینوری الحافظ احد الضعفاء، عبد الرحمن بن احمد بن محمد بن الحجاج بن رشدین بن سعد المصری، علی بن احمد بن سلیمان علان، عمر بن محمد بن بجیر البجیری، الفضل بن العباس الرازی، محمد بن احمد بن بلال، ابو الطیب محمد بن احمد بن حمدان الرسعنی الوراق، محمد بن احمد بن سعید بن کسا الواسطی، ومحمد بن الربیع بن سلیمان الجیزی، محمد بن زریق بن جامع المصری، ابو الحسن محمد بن عبد اللہ بن محمد بن مخلد الہروی ثم النیشاپوری، محمد بن ہارون بن حسان البرقی، ابو الحسن موسی بن الحسن بن موسی الکوفی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ قوی نہیں ہے۔

زکریا الساجی نے کہا کہ ثبت ہے۔

عجلی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں ذکر کیا ہے۔

حدیثِ غار میں یہ منفرد ہے۔(مسند ابو عوانہ 3/424ح5557)

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی کہا ہے۔

1۔ ثقات العجلی1/92ح3، الجرح والتعدیل 2/53 ، تہذیب الکمال 1/312ح38، سئیر اعلام النبلاء12/232، المغنی1/67ح294،الکاشف 1/194ح31، تذہیب 1/143ح38،تقریب 1/41ح38، تہذیب 1/34ح53، الوافی بالوفیات6/390،لسان المیزان

39. **احمد بن سعید بن صخر الدارمی**[1] (خ،م،د،ت،ق)

روی عن : احمد بن اسحاق الحضرمی ، بشر بن عمر الزہرانی ، جعفر بن عون ، حبان بن ہلال ، حجاج بن نصیر الفساطیطی ، روح بن اسلم الباہلی ، زکریا بن عدی ، ابو زید سعید بن الربیع الہروی ، سعید بن سلام بن ابو الہیفاء ال اسدی العطار ، ابوہ: سعید بن صخر الدارمی ، سعید بن عامر الضبعی ، سلیمان بن حرب ، صدقہ بن سابق الکوفی ، ابو عاصم الضحاک بن مخلد النبیل ، عبد الرحمن بن صالح الازدی ، عبد الصمد بن عبد الوارث بن سعید التنوری ، عبد الملک بن عمرو ، ابو عامر العقدی ، عبید اللہ بن عبد المجید ، ابو علی الحنفی ، عبید اللہ بن موسی العبسی ، عثمان بن عمر بن فارس ، علی بن الحسین بن واقد المروزی ، قتیبہ بن سعید البلخی ، محمد بن اسعد المصیصی ، محمد بن عباد المکی ، محمد بن عبد اللہ بن محمد الرقاشی ، ابو النعمان محمد بن الفضل السدوسی عارم ، النضر ابن شمیل ، وہب بن جریر بن حازم ، یحییٰ بن ابو بکیر الکرمانی۔

روی عنہ : الجماعہ سوی النسائی ، ابراہیم بن ابو طالب النیشاپوری ، ابراہیم بن ہاشم البغوی ، احمد بن محمد بن الازہر ابو العباس الازہری ، جعفر بن محمد بن الحسین المعروف بالترک ، ابو یحییٰ زکریا بن داود بن بکر الخفاف ، زکریا بن یحییٰ السجزی خیاط السنہ ، عبد اللہ بن محمد بن شیرویہ ، عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز البغوی ، ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن عبید بن ابو الدنیا ، عبد الرحمن بن صالح الازدی وہو من شیوخہ ، عثمان بن خرزاذ الانطاکی ، علی بن سعید بن جریر النسوی ، عمرو ابن علی الفلاس وہو اکبر منہ ، ابو العباس احمد بن احمد بن بالویہ البالوی ، محمد بن اسحاق بن خزیمہ ، ابو موسی محمد ابن المثنی ، ہو اکبر منہ ، وہب بن جریر بن حازم وہو من شیوخہ وابو عوانہ یعقوب بن اسحاق الاسفرایینی ، یعقوب بن یسوف الشیبانی والد ابو عبد اللہ محمد بن یعقوب الاخرم الحافظ۔

جرح وتعدیل

امام احمد کہتے ہیں کہ حجاج الشاعر کے علاوہ خراسان میں ایسا بڑا فقیہ نہیں آیا۔

1۔ الجرح والتعدیل 2/53ح62، الثقات 8/34، تاریخ بغداد 5/272ح2115، تہذیب الکمال 1/302، سئیر اعلام النبلاء 1/233، الکاشف 1/194ح32، تذکرۃ الحفاظ 2/548، تذہیب 1/144ح39، تقریب 1/42ح39، تہذیب 1/35ح54

یحییٰ بن زکریا نیشاپوری کہتے ہیں کہ ثقہ جلیل تھا۔

ابن حبان نے کہا ہے کہ ثقہ ثبت صاحب حدیث ہے حافظ تھا۔

ابو علی الجیانی نے اس کا ذکر شیوخ ابن جارود میں کیا ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ فقیہ حافظ تھا، آئمہ میں سے ایک تھا۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ کہا ہے۔

40. **احمد بن سعید بن یزید بن ابراہیم التستری**[1] (وہم)

روی عن : روح بن عبادہ۔

روی عنہ: مسلم، یہ وہم ہے۔

جرح وتعدیل

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا مقبول راوی کہا ہے۔

یہ بات صحیح نہیں ہے کہ مسلم نے اس سے حدیث لی ہے، بلکہ مسلم نے احمد بن سعید بن ابراہیم الرباطی سے ایک حدیث روایت کی ہے۔ یہ حافظ عبد الغنی کا الکمال میں وہم ہے۔ کیونکہ یہ رباطی نہیں ہے۔

41. **احمد بن سعید بن یعقوب الکندی**[2] (س)

روی عن: بقیہ بن ولید، عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار۔

روی عنہ: نسائی، ابراہیم بن محمد بن حسن بن متویہ، ایوب بن محمد بن ابو سلیمان، سعید بن عمرو بردعی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

1۔ تہذیب الکمال 1/317، تذہیب 1/145ح40، تقریب 1/42ح40، تہذیب 1/35ح55

2۔ الجرح والتعدیل 2/53ح63، الثقات 8/47، تاریخ حمص 2/158، تہذیب الکمال 1/318ح41، الکاشف 1/194ح33، تذہیب 1/145ح41، تقریب 1/39ح31، تہذیب 1/36ح56

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ اس کی توثیق کی گئی ہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا صدوق کہا ہے۔

42. احمد بن سعید الحرانی[1] (وہم)

روی عن : محمد بن سلمہ الحرانی۔

روی عنہ : الترمذی۔

جرح وتعدیل

ترمذی کے بعض نسخوں میں احمد بن شعیب آیا، کئی نے احمد بن سعید لکھا ہے، یہ وہم لگتا ہے۔ ترمذی نے اس سے روایت دارمی کے واسطے سے لی ہے۔ احمد بن عبد اللہ بن ابو شعیب کے ترجمہ میں اس کا ذکر آئے گا۔

43. احمد بن سفیان[2]، ابو سفیان النسائی (س)

روی عن : سعید بن الربیع الہروی، صفوان بن صالح الدمشقی، عبد الرزاق بن ہمام، عون بن عمارہ، محمد بن الفضل السدوسی، محمد بن یوسف الفریابی۔

روی عنہ : نسائی، قاسم بن زکریا المطرز، بخاری (ضعفاء الکبیر)، محمد بن المسیب بن اسحاق الارغیانی ۔

نسائی نے ایک جگہ اسے ثقہ کہا ہے اور ایک جگہ کہا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جرح وتعدیل

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

1۔ الجرح والتعدیل 2/57ح80، الثقات 8/42، تاریخ اصبهان، تہذیب الکمال 1/302، سئیر اعلام النبلاء 10/661، الکاشف 1/193ح26، تذہیب 1/145ح42، تقریب 1/42ح☆، تہذیب 1/36ح57

2۔ الثقات 8/28، تہذیب الکمال 1/317، الکاشف 1/164ح34، تذہیب 1/145ح43، تقریب 1/43ح42، تہذیب 1/36ح59

مسلمہ بن قاسم اندلسی نے بھی اس کی توثیق کی ہے۔
ذہبی کہتے ہیں کہ اس کی توثیق کی گئی ہے۔
ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا صدوق مصنف کہاہے۔

44. **احمد بن سلیمان بن عبد الملک بن ابی شیبہ**[1] (س)

روی عن: جعفر بن عون العمری ، حسن بن محمد ابن اعین الحرانی ، حسین بن علی الجعفی ، حفص ابو عمر الامام ، خضر بن محمد بن شجاع الجزری ، روح بن عبادہ ، زید بن الحباب ، سریج بن یونس ، سعید بن حفص النفیلی الحرانی ، سعید بن عبد الجبار الرہاوی ، سعید بن مروان الازدی الرہاوی ، عبد اللہ بن محمد بن علی النفیلی ، عبد اللہ بن واقد (ابو قتادہ الحرانی) ، عبد الجبار بن محمد الخط ابو ، عبد الرحمن بن عمرو البجلی ، عبد الرحیم بن مطرف الرؤاسی ، عبد الرحیم بن ہارون الغسانی ، عبد العزیز بن یحییٰ الحرانی ، عبید اللہ بن موسی ، عثمان بن عبد الرحمن الطرائفی ، عفان بن مسلم الصفار ، عمر بن سعید ابو داود الحفری ، عمرو بن عون الواسطی ، فضل بن دکین ، ابو علی الفضل بن عیسی ، قبیصہ بن عقبہ ، قتادہ بن الفضیل الرہاوی ، ابو غسان مالک بن اسماعیل النہدی ، محاضر بن المورع ، محمد ابن بشر العبدی ، محمد بن سلیمان بن ابو داود الحرانی ، محمد بن عبید الطنافسی ، محمد بن الفضل عارم ، مسکین بن بکیر الحرانی ، معاویہ بن ہشام الکوفی ، موسی بن داود الضبی ، موسی بن مروان الرقی ، مؤمل بن الفضل الحرانی ، یحییٰ بن ادم الکوفی ویزید بن ہارون ، یعلی بن عبید الطنافسی۔

روی عنہ: النسائی (کثیر الروایت)، ابراہیم بن محمد بن الحسن بن متویہ الاصبہانی، احمد بن علی بن العباس البالسی ، احمد بن عیسی بن السکین البلدی ، ابو بکر احمد بن محمد بن صدقہ البغدادی الحافظ ، جعفر بن احمد الوزان الکبیر ، ابو عروبہ الحسین بن محمد الحرانی ، ابو السائب عبد الرحمن بن احمد بن محمد بن اسحاق المسیبی ،

1۔ الجرح والتعدیل 2/52ح59، الثقات 8/35، تاریخ بغداد 5/206ح2071، تہذیب الکمال 1/320ح43، سئیر اعلام النبلاء 12/475، تذکرۃ الحفاظ 2/559، لکاشف 1/194ح35، تذہیب 1/146ح44، تقریب 1/43ح43، تہذیب 1/36ح60

عثمان بن محمد الحرانی، ابو الحسین عمر بن محمد بن عمر بن ہشام بن ابو زید الحلی الحرانی، محمد بن خالد بن یزید البردعی، محمد بن عبد اللہ بن عبد السلام مکحول البیروتی، محمد بن المسیب بن اسحاق الارغیانی۔

جرح وتعدیل

نسائی نے اس سے کثیر تعداد میں روایت لی ہے اور اسے ثقہ، مامون، صاحب حدیث کہا ہے۔

ابن ابو حاتم نے کہا کہ میں نے اسے دیکھا ہے لیکن اس سے حدیث روایت نہیں کی یہ صدوق ثقہ ہے۔

ابو عروبہ نے اسے ثبت کہا ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے اور کہا ہے کہ صاحب حدیث حافظ تھا۔

ذہبی نے اسے حافظ، آئمہ میں سے ایک اور محدث جزیرہ، حافظ ثقہ کہا ہے۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ راوی کہا ہے۔

- **احمد بن سلیمان المروزی**

یہ احمد بن ابی الطیب ہے۔

45. **احمد بن سنان بن اسد بن حبان القطان**[1] (خ،م،د،کن،ق)

روی عن : اسحاق بن یوسف الازرق، ابو اسامہ حماد ابن اسامہ، زید بن الحباب، شاذ بن یحییٰ الواسطی، الضحاک بن مخلد ابو عاصم النبیل، عبد الرحمن بن مہدی، عفان بن مسلم، عمر بن عثمان بن عاصم ابن عم عاصم بن علی بن عاصم، کثیر بن ہشام، محمد بن بلال البصری، محمد بن خازم ابو معاویہ الضریر، محمد بن عبد اللہ بن الزبیر ابو احمد الزبیری، محمد بن فضیل بن غزوان، معاذ بن معاذ العنبری، وکیع بن الجراح، وہب ابن جریر بن حازم، یحییٰ بن سعید القطان، یزید بن ہارون، یعلی بن عبید الطنافسی۔

1۔ الجرح والتعدیل 2/53ح60،الثقات 8/33،تاریخ بغداد5/206ح2071، تہذیب الکمال 1/362، سئیر اعلام النبلاء12/244، الکاشف 1/194ح36، تذہیب 1/146ح45،تقریب 1/43ح44، تہذیب 1/37ح62،الوافی بالوفیات،التقید1/149ح160

روی عنہ : نسائی (حدیث مالک) ،ترمذی کے سوا باقی، ابراہیم بن اورمہ الاصبہانی، جعفر بن احمد القطان(بیٹا) ،زکریابن یحییٰ الساجی، ابو بکر عبد اللہ بن ابو داود، ابوالحسین عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن یونس السمنانی، عبد اللہ بن محمد بن یاسین، عبد الرحمن بن ابو حاتم الرازی، ابو سعید عبد الرحمن بن سعید بن ہارون الاصب ہانی، القاسم بن موسی بن الحسن بن موسی الاشیب، محمد بن احمد بن صالح بن علی الازدی ، ابو حاتم محمد بن ادریس الرازی، ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ، ابو موسی محمد بن المثنی ، یحییٰ بن محمد بن صاعد۔

جرح وتعدیل

ابو حاتم نے کہا کہ ثقہ ،صدوق ہے، میں نے اس سے حدیث لکھی ہے۔

نسائی نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابن حبان نے اس کا ذکر الثقات میں کیا ہے۔

دار قطنی نے کہاہے کہ ثقہ اثبات میں سے تھا۔

ذہبی کہتے ہیں کہ امام اہل زمانہ، حافظ، حجت اور صاحب مسند تھا۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ کہاہے۔

46. **احمد بن سیار بن ایوب بن عبد الرحمان المروزی**[1] (س)

روی عن: ابراہیم بن محمد الشافعی، احمد بن ابو الطیب المروزی،اسحاق بن راہویہ، سلیمان بن حرب، صفوان ابن صالح الدمشقی، عبد اللہ بن عثمان عبدان المروزی، بو معمر عبد اللہ بن عمرو بن ابو الحجاج المقعد، عفان بن مسلم، قتیبہ بن سعید، محمد بنابو بکر المقدمی، ابو جعفر محمد بن خالد الهاشمیالدمشقی، محمد بن کثیر العبدی، محمد بن مکی المروزی، محمد بن یحییٰ بن عبد العزیز المروزی، موسی بن مروان الرقی ،ہشام بن عمار

1۔ الجرح والتعدیل 2/53ح61،الثقات 8/54، تاریخ بغداد 5/306ح2145، تہذیب الکمال 1/323ح46، سئیر اعلام النبلاء12/609،الکاشف 1/195ح37، تذہیب 1/147ح46، تقریب 1/44ح45، تہذیب 1/38ح63،الوافی بالوفیات

الدمشقی، یحییٰ بن اسحاق المروزی، یحییٰ بن سلیمان الجعفی، یحییٰ بن عبد اللہ بن بکیر المصری، یحییٰ بن نصر بن حاجب المروزی۔

روی عنہ : نسائی، ابو حمزہ احمد بن عبد اللہ بن عمران المروزی، ابو عمرو احمد بن المبارک المستملی، احمد بن محمد بن عمر بن بسطام، حاجب بن احمد بن یرحم بن سفیان الطوسی، الحسن بن علی بن نصر الطوسی، زکریا بن یحییٰ السجزی خیاط السنہ، ابو بکر عبد اللہ بن ابو داود، عبد اللہ بن ناجیہ، ابو بکر عبد بن محمد بن محمود النسفی، علی بن الحسین ابن الجنید الرازی، عمر بن احمد بن علی المروزی الجوہری، عمر بن محمد المروزی، ابو العباس محمد بن احمد بن محبوب المحبوبی راویہ الترمذی، ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ، محمد بن اسماعیل البخاری (صحیح بخاری کے علاوہ)، محمد بن عقیل بن الازہر البلخی، محمد بن المنذر بن سعید الہروی شکر، محمد بن نصر المروزی الفقیہ، یحییٰ بن محمد بن صاعد۔

جرح وتعدیل

نسائی نے ایک جگہ کہا ثقہ ہے اور ایک جگہ کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

دارقطنی کہتے ہیں کہ شام اور مصر کے سفر کے تصنیف کی، مرو کے بارے میں کتاب لکھی اور ثقہ ہے۔

ابن ابو داود نے کہا کہ حفاظ الحدیث میں سے ہے۔

حربی نے کہا کہ علم و فضل کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔

ابن حبان نے اسے اپنی الثقات میں ذکر کیا ہے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ شہر کے اہل الحدیث کے امام ہیں۔

ابن حجر نے اسے گیارہویں طبقہ کا ثقہ حافظ راوی کہا ہے۔

ذہبی کہتے ہیں کہ فقیہ ہے، علماء میں سے ہے، حافظ حجت ہے۔

- **احمد بن شبویہ** (احمد بن محمد بن ثابت الخزاعی المروزی)

یہ احمد بن محمد بن ثابت الخزاعی ہے۔

47. احمد بن شبیب بن سعید الحبطی[1] (خ، خد، س)

روی عن : شبیب بن سعید (والد)، عبد اللہ بن رجاء المکی، عبد الرحمن بن شیبہ الجدی، مروان بن معاویہ الفزاری، یزید بن زریع۔

روی عنہ : البخاری، ابراہیم بن اسحاق الحربی، ابراہیم ابن سعید الجوہری، ابو خیثمہ زہیر بن حرب، ابو الحسن عبد الملک بن عبد الحمید المیمونی، ابو زرعہ عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی، عبید بن محمد النساج، علی بن عبد العزیز البغوی، علی ابن المدینی، عمرو بن علی الفلاس، محمد بن ابراہیم الانماطی مربع، ابو حاتم محمد بن ادریس الرازی، محمد ابن اسماعیل بن سالم الصائغ الکبیر، محمد بن علی بن زید الصائغ الصغیر، محمد بن یحییٰ الذہلی، موسی بن سعید الدندانی، یحییٰ بن معلی بن منصور الرازی، یعقوب بن سفیان الفارسی، یعقوب بن شیبہ السدوسی۔

جرح وتعدیل

انہوں نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے یہ روایت نقل کی ہے:

"حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے"۔

ابو حاتم نے کہا کہ ثقہ ہے۔

ابو الفتح ازدی کہتے ہیں کہ میں اس سے راضی نہیں یہ منکر الحدیث ہے۔

ابن عدی کہتے ہیں کہ اہل عراق نے اس کی توثیق کی ہے۔

ابن عبد البر نے التمہید میں اسے متروک کہاہے۔

ابن حجر نے اسے دسویں طبقہ کا صدوق راوی لکھاہے۔

48. احمد بن شعیب بن علی بن سنان النسائی[1]

1۔ تاریخ الکبیر بخاری2/4ح1495، الجرح والتعدیل 2/54ح70، الثقات 8/11، تاریخ بغداد5/306ح2145، تہذیب الکمال 1/327ح47، سئیر اعلام النبلاء10/653 و 953، میزان الاعتدال 1/164ح403، الکاشف 1/195ح38، تذہیب 1/148ح47، تقریب 1/44ح46، تہذیب 1/39ح65، الوافی بالوفیات 5/415

روی عن: کثیر تعداد میں لوگوں سے روایت لی ہے۔

روی عنہ : ابراہیم بن اسحاق بن ابراہیم بن یعقوب بن یوسف الاسکندرانی، ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن صالح بن سنان القرشی الدمشقی، ابو العباس ابوض بن محمد بن الحارث بن ابوض القرشی الفہری المصری، احمد بن ابراہیم بن محمد بن اشہب بن عبد العزیز القیسی العامری، احمد بن الحسن بن اسحاق بن عتبہ الرازی ، ابو الحسن احمد بن سلیمان بن ایوب بن خذلم ال اسدی الدمشقی ، احمد بن عبد اللہ بن الحسن بن علی العدوی المعروف ب ابو ہریرہ ابن ابو العصام، ابو الحسن احمد بن عمیر بن یوسف بن جوصی الدمشقی الحافظ. واحمد بن عیسی القمی نزیل بیروت، احمد بن القاسم بن عبد الرحمن الحرسی، ابو الحسن احمد بن محبوب الرملی، ابو بکر احمد بن محمد بن اسحاق ابن السنی الدینوری، ابو جعفر احمد بن محمد بن اسماعیل بن یونس النحوی المعروف بابن النحاس، ابو سعید احمد بن محمد بن زیاد ابن الاعرابو، ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ الطحاوی، ابو یعقوب اسحاق بن ابراہیم بن ہاشم بن زامل الاذرعی، اسحاق ابن عبد الکریم الصواف، جعفر بن محمد بن الحارث الخزاعی، ابو علی الحسن بن الخضر بن عبد اللہ الاسیوطی، ابو محمد الحسن بن رشیق العسکری ، ابو علی الحسین بن علی النیشاپوری الحافظ، ابو علی الحسین بن ہارون المطوعی، ابو القاسم حمزہ بن محمد بن علی بن محمد بن العباس الکنانی الحافظ، وابو الخیر زہیر بن محمد بن یعقوب الملطی، سعید بن فحلون ابن سعید البجانی، ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب الطبرانی، ابو احمد عبد اللہ بن عدی الجرجانی الحافظ، ابو سعید عبد الرحمان بن احمد بن یونس بن عبد الاعلی الصدفی صاحب "تاریخ مصر" ، ابو عیسی عبد الرحمن بن اسماعیل الخولانی العروضی الخشاب المصری، ابو المیمون عبد الرحمن ابن عبد اللہ بن عمر بن راشد البجلی الدمشقی، ابنہ: ابو موسی عبد الکریم بن احمد بن شعیب النسائی، ابو الفتح عبید اللہ بن جعفر بن احمد بن عاصم الدمشقی المعروف بابن الرواس، علی بن ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ الطحاوی، علی بن محمد بن احمد بن اسماعیل الطبری، ابو القاسم علی بن یعقوب بن ابراہیم بن ابو العقب الہمدانی الدمشقی، ابو طالب عمر بن الربیع بن سلیمان

1۔ معجم البلدان5/282 ،تاریخ مولد علماء ووفیاتھم ص 633، تہذیب الکمال1/328ح48، تذکرۃ الحفاظ2/698،العبر 2/129،سیر اعلام النبلاء14/125، تذہیب التہذیب1/149ح48،الوافی بالوفیات 6/256ح581،طبقات علمائے حدیث 2/418ح687، تہذیب التہذیب1/39ح66، تقریب التہذیب1/45ح47،(اردو1/23ح48)طبقات شافعیہ3/14ح80، حسن المحاضرہ1/349،شذرات الذہب2/240،التقید1/150ح161۔

المصری، ابو بشر محمد بن احمد حماد الدولابی ، ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن خالد بن یزید الاعدالی المصری، ابو بکر محمد بن احمد بن الحداد المصری الفقیہ، ابو الحسن محمد بن احمد الرافقی، محمد بن جعفر بن محمد بن ہشام ابن ملاس الرازی، ابو بکر محمد بن داود بن سلیمان الزاہد، محمد بن سعد السعدی الباوردی، ابو الحسن محمد بن عبد اللہ ابن زکریا بن حیویہ النیشاپوری، ابو بکر محمد بن علی بن الحسن بن احمد النقاش التنیسی، ابو جعفر محمد بن عمرو بن موسی بن محمد ابن حماد العقیلی المکی الحافظ ، ابو الطیب محمد بن الفضل بن العباس، محمد بن القاسم بن محمد بن سیار القرطبی، ابو بکر محمد بن القاسم المصری الزاہد المعروف بولید، ابو بکر محمد بن محمد بن احمد بن ابراہیم القرقسانی، ابو بکر محمد بن موسی بن یعقوب ابن المامون الہاشمی، ابو علی محمد بن ہارون بن شعیب الانصاری الدمشقی ، ابو عبد اللہ محمد بن یعقوب بن یوسف الشیبانی الحافظ المعروف بالاخرم ، منصور بن اسماعیل الفقیہ المصری، ابو عوانہ یعقوب بن اسحاق الاسفراینی ،یعقوب بن المبارک المصری، ابو القاسم یوسف بن یعقوب السوسی۔

مختصر احوال

آپ کا نام احمد اور ابو عبد الرحمان کنیت تھی۔ آپ 214 یا 215 ھجری میں پیدا ہوئے۔ بعض نے؛ آپ کا سنہ پیدائش 225 ھجری لکھا ہے جو کہ صحیح نہیں ہے۔ آپ کی پیدائش خراسان کے مشہور شہر نساء میں ہوئی جس کی بنیاد پر آپ کو نسائی کہا جاتا ہے۔ قدیم زمانہ میں یہ شہر علم و فن کا مرکز رہا اور یہاں بہت سے نامور علماء و فضلاء پیدا ہوئے۔

آپ کے اساتذہ میں اوب یرید جرمی، احمد بن عبدہ، اسحاق بن راہویہ، حسین بن منصور، حمید بن سعدہ، سوید بن منصور، ابو الحسن علی بن حجر بن ایاس، علی بن حشرم، عمران بن موسیٰ، عمرو بن زرارہ، عیسیٰ بن حماد، قتیبہ بن سعید، مجاہد بن موسیٰ، محمد بن بشار، محمد بن رافع، محمد بن علاء، محمد بن نصر مروزی، ہشام بن عمار اور یونس بن عبد الاعلیٰ شامل ہیں۔ آئمہ صحاح میں امام بخاری اور امام ابو داود سے بھی آپ کو شرف تلمذ حاصل ہے۔

آپ جرح و تعدیل کے ماہر تھے، مشہور نقادان حدیث میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے بعض محدثین نے آپ کو بخاری و مسلم سے بھی فائق قرار دیا ہے۔

ابن یونس مصری کہتے ہیں کہ نسائی احادیث کے نامور حافظ تھے۔ ثقہ و ثابت تھے۔

دار قطنی کہتے ہیں کہ وہ اپنے معاصرین میں صحیح وسقیم روایات و آثار اور رجال کی معرفت و تمیز میں سب سے زیادہ واقف کار تھے۔

ابو بکر الحداد کثیر الحدیث ہونے کے باوجود نسائی کے علاوہ کسی سے روایت نہیں کرتے تھے اور کہتے تھے کہ نسائی، میرے اور خدا کے درمیان حجت ہیں۔

مامون مصری کہتے ہیں کہ جب ہم طرسوس آئے اور حفاظ حدیث کی خدمت میں حاضر ہوئے تو معلوم ہوا کہ ان سب نے امام نسائی کے انتخاب کے مطابق احادیث لکھی ہیں۔

ابو علی کہا کہنا ہے کہ رجال کے باب میں نسائی کی شرائط مسلم سے بھی سخت ہیں۔

ابن طاہر مقدسی اپنے والد کے حوالے سے کہتے ہیں کہ ان کی شرائط بخاری و مسلم سے بھی سخت ہیں۔

سبکی نے ذہبی سے پوچھا کہ مسلم اور نسائی میں سے حافظے میں کون بڑا تھا تو انہوں نے کہا نسائی۔

آپ کی وفات 303 ھجری میں ہوئی۔

49. **احمد بن صالح المصری**[1] (خ، د، تم)

